آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ شال کوئٹہ Daily SHAL Quetta

www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز جمعہ 28 اگست 2020ء بمطابق 08 محرم الحرم 1441ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 233

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	6:20
ظہر	1:35
عصر	5:00
مغرب	غروب آفتاب (06:25)
عشاء	8:30

اہل تشیع

فجر صبح	6:00
ظہرین	1:00
مغربین	08:00

آئی ٹی شعبے کا فروغ حکومت کی اولین ترجیح ہے، وزیراعظم

ملک کے نوجوانوں میں آئی ٹی کے شعبے میں بے انتہا صلاحیت موجود ہے، آئی ٹی کے شعبے میں نوجوانوں کو اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے میں مدد ملے گی اور نوکریوں کے مواقع پیدا ہوں گے

ملکی برآمدات میں اضافہ بھی ممکن ہوگا، آئی ٹی شعبے کا فروغ حکومت کی اولین ترجیح ہے اور اس حوالے سے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جائیں گے

آئی ٹی سیکٹر سے وابستہ کمپنیوں کو ٹیکس کے حوالے سے درپیش مسائل کا ترجیحی بنیادوں پر جائزہ لیکر ان کے حل کو یقینی بنایا جائے، اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ ملک کے نوجوانوں میں آئی ٹی کے شعبے میں بے انتہا صلاحیت موجود ہے، آئی ٹی کے شعبے میں نوجوانوں کو اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے میں مدد ملے گی اور نوکریوں کے مواقع پیدا ہوں گے ملکی برآمدات میں اضافہ بھی ممکن ہوگا، آئی ٹی شعبے کا فروغ حکومت کی اولین ترجیح ہے اور اس حوالے سے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جائیں گے، آئی ٹی سیکٹر سے وابستہ کمپنیوں کو ٹیکس کے حوالے سے درپیش مسائل کا ترجیحی بنیادوں پر جائزہ لیکر ان کے حل کو یقینی بنایا جائے۔ جمعرات کو وزیراعظم عمران خان کی زیر صدارت ملک

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان بارشوں سے پیدا ہونیوالی صورتحال کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

شعبہ صحت کو درپیش مسائل کے حل کیلئے بھرپور اقدامات کر رہے ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان

گزشتہ دو برسوں کے دوران دور دراز کے پسماندہ اضلاع کی ترقی پر خصوصی توجہ مرکوز کی گئی ہے جس کے مثبت نتائج سامنے آرہے ہیں اور آج صوبے کے تمام اضلاع میں یکساں بنیادوں پر ترقیاتی منصوبے جاری ہیں

حکومت شعبہ صحت کو درپیش مسائل کے حل اور سرکاری شعبہ کے ہسپتالوں میں علاج معالجہ کی بہتر سہولتوں کی فراہمی کے لئے بھرپور اقدامات کر رہی ہے جس کے لئے بجٹ میں خطیر فنڈز مختص کئے گئے ہیں

حکومت کی خواہش ہے کہ نجی ہسپتالوں کو صحیح طور پر ریگولریٹ کیا جائے تاکہ ان ہسپتالوں کی کارکردگی میں بہتری آسکے، سرکاری شعبہ کے ہسپتالوں پر مریضوں کا بہت زیادہ دباؤ ہے، جام کمال خان

کوئٹہ (ن ف ن) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کہا ہے کہ گزشتہ دو برسوں کے دوران دور دراز کے پسماندہ اضلاع کی ترقی پر خصوصی توجہ مرکوز کی گئی ہے جس کے مثبت نتائج سامنے آرہے ہیں اور آج صوبے کے تمام اضلاع میں یکساں بنیادوں پر ترقیاتی منصوبے جاری ہیں جن کی تکمیل سے عوام کو تعلیم، صحت، مواصلات، پانی، بجلی اور روزگار کے مواقع ملیں گے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے ضلع بارکھان کے معتبرین اور نوجوانوں کے ایک وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا جس نے صوبائی وزیر سردار عبدالرحمن کھیتران کی قیادت میں یہاں ان سے ملاقات کی، وفد کی جانب سے ضلع بارکھان میں ڈیموں، سڑکوں، تعلیم اور صحت کی ترقی، رکھنی میں 1122 کے قیام، سپورٹس کمپلیکس، ٹیکنیکل ٹریننگ سینٹر، گرلز کالج کو کوسٹر کی فراہمی سمیت دیگر

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

گوادر آئی ٹی گوادر پورٹ اتھارٹی ماہر لوگوں، ماہر پلان اور فری زون کے حوالے سے ایکسپرٹ پارلیمنٹرین یونین کی صدر گیبریلا کیوس بیرن کو بریفنگ دے رہے ہیں

کراچی موسلا دھار بارش، سڑکیں ایک بار پھر تالاب بن گئیں

پاک بحریہ نے ایمرجنسی رسپانس اور ریسکیو ٹیموں نے بارش کے پانی میں پھنسے ہوئے لوگوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا

کراچی (این این آئی) صوبائی دارالحکومت کراچی کے مختلف علاقوں میں موسلا دھار بارش کا سلسلہ جمعرات کو بھی جاری رہا جس سے شہری سڑکیں ایک بار پھر تالاب بن گئیں اور اہم شاہراہوں پر ٹریفک کی روانی معطل ہوگئی، بارش کے باعث بجلی اور مواصلات کا نظام

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

سیلابی ریلے کے باعث ٹوٹے مچھ پل اور سوئی گیس پائپ لائن کی مرمت نہ ہوسکی

بلوچستان کے ضلع بولان میں شدید بارشوں سے متاثرہ پی ٹی پل کو مرمت کرکے ہلکی ٹریفک کیلئے کھول دیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے ضلع بولان میں شدید بارشوں سے متاثرہ پی ٹی پل کو مرمت کرکے ہلکی ٹریفک کیلئے کھول دیا گیا، سیلابی ریلے کے باعث ٹوٹے مچھ پل اور سوئی گیس پائپ لائن کی مرمت نہ ہوسکی، دریائے نازی اور دریائے لہری میں درمیانے

بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں ٹیلی میڈیسن کا تجربہ کامیابی سے جاری 2 ماہ کے دوران صوبے کے 235 مریضوں کو ٹیلی میڈیسن کے ذریعے معائنہ اور تشخیص کی سہولیات فراہم کی گئیں

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں ٹیلی میڈیسن کا تجربہ کامیابی سے جاری 2 ماہ کے دوران صوبے کے 235 مریضوں کو ٹیلی میڈیسن کے ذریعے معائنہ اور تشخیص کی سہولیات فراہم کی گئیں۔ تفصیلات کے مطابق حکومت بلوچستان نے ٹیلی میڈیسن سروس کے تحت دو ماہ کے دوران صوبے میں 235 مریضوں کی او پی ڈی کی

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

محرم الحرام کے حوالے سے سیکورٹی کے سخت انتظامات کئے گئے ہیں، لیاقت شاہوانی

مجالس اور عزاداری میں کورونا وائرس سے بچاؤ کے ایس او پیز پر عملدرآمد کرایا جارہا ہے

یوم عاشورہ کے موقع پر نو ہزار سے زائد سیکورٹی اہلکار تعینات رہیں گے، ترجمان حکومت بلوچستان

کوئٹہ (ن ف ن) حکومت بلوچستان کے ترجمان لیاقت شاہوانی نے کہا ہے کہ محرم الحرام کے حوالے سے سیکورٹی کے سخت انتظامات کئے گئے ہیں یوم عاشورہ کے موقع پر نو ہزار سے زائد سیکورٹی اہلکار تعینات رہیں گے مجالس اور عزاداری میں کورونا وائرس سے بچاؤ کے ایس او پیز پر عملدرآمد کرایا جارہا ہے محرم الحرام کے بعد کیسز میں اضافہ ہوا تو صوبائی حکومت لاک ڈاؤن کی طرف جائے گی ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز میڈیا کو بریفنگ دیتے ہوئے کیا لیاقت شاہوانی

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

بلوچستان سینیٹ کی خالی ہونے والی نشست پر ضمنی انتخاب کے لئے کاغذات نامزدگی کا اجراء شروع کردیا گیا

پہلے روز پانچ امیدواروں نے کاغذات نامزدگی حاصل کئے، ایک امیدوار نے کاغذات نامزدگی جمع کروادیے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان سینیٹ کی خالی ہونے والی نشست پر ضمنی انتخاب کے لئے کاغذات نامزدگی کا اجراء شروع کردیا گیا، پہلے روز پانچ امیدواروں نے کاغذات نامزدگی حاصل کئے، ایک امیدوار نے کاغذات نامزدگی جمع کروادیے الیکشن

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

لورالائی میں ٹریفک حادثہ تین افراد جاں بحق چھ زخمی

لورالائی (این این آئی) لورالائی میں ٹریفک حادثہ تین افراد جاں بحق چھ زخمی لیویز کے مطابق جمعرات کو لو

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

کوئٹہ کے علاقے چمن ہاؤسنگ سمیت گردونواح میں پانی کا بحران عوام ٹینکر مافیا کے ہاتھوں یرغمال

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کے علاقے چمن ہاؤسنگ سمیت گردونواح میں پانی کا بحران عوام ٹینکر مافیا

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

گزشتہ روز سے جاری موسلادار بارش کیوجہ سے نشیبی علاقے زیر آب آگئے ہیں

دکی (آن لائن) گزشتہ روز سے جاری موسلادار بارش کیوجہ سے نشیبی علاقے زیر آب آگئے ہیں، نکاسی

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

حب کے علاقے لاکھڑا میں آسمانی بجلی گرنے سے مدرسے کا طالبعلم جاں بحق

کوئٹہ (این این آئی) حب کے علاقے لاکھڑا میں آسمانی بجلی گرنے سے مدرسے کا طالبعلم جاں بحق،

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

پوری دنیا میں اقتصادی ترقی اور معاشی استحکام کے حوالے سے گوادر پورٹ کلیدی کردار ادا کرسکتا ہے، کبد وبابر

موجودہ جمہوری حکومت گوادر کی ترقی اور یہاں بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے عملی اقدامات اٹھا رہی ہے، سینیٹر

گوادر (این این آئی) انٹرپارلیمنٹیرین یونین کی صدر گیبریلا کیوس بیرن Gabriela cuvas Barron کی قیادت میں نمائندہ وفد نے چائنا بزنس سینٹر گوادر پورٹ کا دورہ کیا، اس موقع پر چائنا بزنس سینٹر میں پورٹ حکام کی جانب سے تقریب منعقد کی گئی

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

عجیب بات ہے کہ مہنگائی اور ضروریات صرف سول سیکرٹریٹ کوئٹہ میں تعینات سرکاری ملازمین کیلئے ہے، چیف جسٹس بلوچستان

کوئٹہ (ن ف ن) چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ جسٹس جمال خان مندوخیل نے کہا ہے کہ عجیب بات ہے کہ مہنگائی اور ضروریات صرف سول سیکرٹریٹ کوئٹہ میں تعینات سرکاری ملازمین کیلئے ہے باقی کسی ملازم کو نہیں جن لوگوں کو یہ الاؤنس ملا ہے وہ صرف اس وجہ سے کہ وہ صاحبان کے قریب ہیں۔ چار چار اضافی تنخواہیں

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی سے ایس بیگ کے ریجنل ہیڈ کوئٹہ اور کاسی ملاقات کر رہے ہیں

بھارت پلوامہ حملے کے حوالے سے کوئی ثبوت فراہم نہیں کرسکا، پاکستان

مقبوضہ کشمیر کے حوالے سے پاکستان کا مؤقف واضح اور مستقل ہے، عالمی برادری مقبوضہ کشمیر انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا نوٹس لے، افغانستان کا عسکری حل نہیں

ممبئی حملوں سے متعلق اسلام آباد ہائیکورٹ میں درخواست دائر ہے، نظرثانی پاکستانی عدالت میں ہی ہوگا، بھارت پاکستانی عدالت میں آئے اور تعاون کرے، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے پلوامہ حملے پر بھارتی چارج شیٹ مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھارت پلوامہ حملے میں پاکستان کے ملوث ہونے کے حوالے سے کوئی ثبوت فراہم نہیں کرسکا، ممبئی حملوں سے متعلق اسلام آباد ہائیکورٹ میں درخواست دائر ہے، نظرثانی پاکستانی عدالت میں ہی ہوگا، بھارت پاکستانی عدالت میں آئے اور تعاون کرے، مقبوضہ کشمیر کے حوالے سے پاکستان کا مؤقف واضح اور مستقل ہے، عالمی برادری مقبوضہ کشمیر انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا نوٹس لے، افغانستان کا عسکری حل نہیں، بین الافغان مذاکرات کی راہ میں کچھ دشواریاں ہیں

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

آزاد کشمیر ایک خوبصورت علاقہ ہے، کشمیر کو سرسبز و شاداب بنانے کے لئے بھرپور کوششیں کی جائیں گی، وفاقی وزیر زرتاج گل

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی و ماحولیات محترمہ زرتاج گل نے کہا ہے کہ آزاد

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

وفاقی وزیر فخر امام سے مصری سفیر کی ملاقات، دوطرفہ تعلقات پر گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ اور تحقیق سید فخر امام سے پاکستان میں مصری

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

مریم نواز کو میں اپنی بیٹیوں کی طرح عزیز رکھتا ہوں، مولانا فضل الرحمن کی ایک صحافی کے ٹوئٹ پر تردید

اسلام آباد (این این آئی) مولانا فضل الرحمن نے کہا ہے کہ مریم نواز کو میں اپنی بیٹیوں کی طرح عزیز رکھتا

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

روز ویلٹ ہوٹل پر تمام فیصلے مکمل شفافیت اور ملکی مفاد کے عین مطابق کئے جائیں گے، حفیظ شیخ

اسلام آباد (این این آئی) مشیر خزانہ ڈاکٹر عبدالحفیظ شیخ نے کہا ہے کہ روز ویلٹ ہوٹل پر تمام فیصلے مکمل

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

صوبے میں حالیہ بارشوں سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، ترجمان حکومت بلوچستان

تاہم بولان کے علاقے حاجی شہر کو سیلابی ریلے سے نقصان پہنچنے کے خدشہ کے باعث لوگوں کو محفوظ مقامات کی منتقلی شروع کردی گئی ہے

حب ڈیم کے قریب نشیبی علاقوں سے مکینوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا جارہا ہے، لیاقت شاہوانی

کوئٹہ (ن ف ن) ترجمان بلوچستان حکومت لیاقت شاہوانی نے کہا ہے کہ صوبے میں حالیہ بارشوں سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، تاہم بولان کے علاقے حاجی شہر کو سیلابی ریلے سے نقصان پہنچنے کے خدشہ کے باعث لوگوں کو محفوظ مقامات کی منتقلی شروع کردی گئی ہے یہ بات انہوں نے جمعرات کو آفیسرز کلب کوئٹہ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی، انہوں نے کہا کہ حکومت نے بارشوں اور سیلابی صورتحال کے پیش نظر بھرپور سخت عملی تیاری کی ہے بارشوں اور سیلابی صورتحال کے پیش نظر صوبائی حکومت کی مشینری فعال ہے، انہوں نے کہا کہ دریائے نازی میں اس وقت پانی کی سطح اوپر ہے، اس وقت ایک لاکھ 40 ہزار کیوسک پانی کا ریلہ گزر رہا ہے، لیاقت شاہوانی نے بتایا کہ حب ڈیم میں پانی کی سطح 338 اعشاریہ پانچ تک پہنچ گئی ہے، ڈیم بھرنے کے بعد اضافی وے سے پانی کے اخراج کے باعث نشیبی علاقوں میں سیلابی صورتحال بن سکتی ہے، اس صورت حال کے باعث حب ڈیم کے قریب نشیبی

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

ڈیرہ اللہ یار میں تیز طوفانی بارشوں کے بعد میونسپل کمیٹی کی جانب سے امدادی کارروائیاں جاری

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) ڈیرہ اللہ یار میں تیز طوفانی بارشوں کے بعد میونسپل کمیٹی کی جانب سے امدادی کارروائیاں جاری ہیں میونسپل کمیٹی کا عملہ شہر کی اہم شاہراہوں اور گلی محلوں سے بارش کا پانی نکاس کرنے

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

ڈیرہ اللہ یار کے قریب سندھ بلوچستان کی سرحد پر سم شاخ کو 20 فٹ کا شگاف پڑ گیا

انتظامیہ نے بروقت اقدام اٹھاتے ہوئے شگاف کو پُر کرکے شہر کو سیلاب سے محفوظ کرلیا

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) ڈیرہ اللہ یار کے قریب سندھ بلوچستان کی سرحد پر سم شاخ کو 20 فٹ کا شگاف پڑ گیا انتظامیہ نے بروقت اقدام اٹھاتے ہوئے شگاف کو پُر کرکے شہر کو سیلاب سے محفوظ کرلیا، تفصیلات کے مطابق ڈیرہ اللہ یار میں دو روز سے جاری تیز طوفانی

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

چیف سیکرٹری بلوچستان کیپٹن (ر) فضیل اصغر صوبائی سیکرٹریز نور الحق بلوچ اور شریار تاج کو شیلڈ دے رہے ہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان کی قیادت اہم اور بنیادی مسائل کے حل کیلئے کوشاں ہے، نور محمد خان دمڑ

بی اے پی اتحادیوں سے مگر بلوچستان کے قومی اسمبلی کی نشستوں میں اضافہ کرنے لائحہ عمل تیار کررہی ہیں

بلوچستان صوبائی اسمبلی کی نشستوں میں اضافہ کا بل پہلے ہی سینٹ سے منظور ہوچکا ہے، صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا

برہانی (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما، صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ بی اے پی اتحادیوں سے مگر بلوچستان کے قومی اسمبلی کی نشستوں میں اضافہ کرنے لائحہ عمل تیار کررہی ہیں بلوچستان صوبائی اسمبلی کی

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

عاصم سلیم باجوہ کا مختلف شعبوں میں پلائی کے طریقہ کار کا ان علا

تھر کے بلاک ون کیلئے 1100 سے زائد روزگار کے مواقع دستیاب کردیئے گئے، مقامی افراد کو ترجیحی بنیادوں پر روزگار کے مواقع فراہم ہوں گے

ایم ایل ون کے تحت پاکستان ریلویز کا مکمل نظام اپ گریڈ ہوگا، کوہالہ 1124 میگاواٹ اور آزاد پتن 700 میگاواٹ کے ہائیڈل منصوبے شامل ہیں، چیئرمین سی پیک

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سی پیک لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ عاصم سلیم باجوہ نے مختلف شعبوں میں اپلائی کے طریقہ کار کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ تھر کے بلاک ون کیلئے 1100 سے زائد روزگار کے مواقع دستیاب کردیئے گئے، مقامی افراد کو ترجیحی بنیادوں پر روزگار کے مواقع فراہم ہوں گے۔ اپنے بیان میں چیئرمین سی پیک نے مختلف شعبوں میں اپلائی کے طریقہ کار کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ شعبہ الیکٹرک کے تحت مختلف شعبوں میں روزگار کے یہ مواقع فراہم ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ مقامی افراد کو ترجیحی بنیادوں پر روزگار کے مواقع فراہم ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ مقامی و دیگر افراد ان ویب سائٹس پر جاکر باضابطہ اپلائی کریں۔ دریں اثناء چیئرمین سی پیک افتخاری لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ عاصم سلیم باجوہ نے کہا ہے کہ سی پیک کے تحت 9.10 ارب ڈالر کے 3 بڑے منصوبوں پر دستخط ہوئے۔ اپنے بیان میں انہوں نے بتایا کہ گذشتہ 2 ماہ میں سی پیک کے تحت 9.10 ارب

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

لورالائی کے علاقے میں ڈی جی خان روڈ پر ٹریفک کے حادثے میں تین میں 3 افراد جاں بحق چھ زخمی

دکی (آن لائن) لورالائی کے علاقے میں ڈی جی خان روڈ پر ٹریفک کے حادثے میں تین میں 3 افراد جاں بحق چھ زخمی ہوگئے لیویز ذرائع کے مطابق حادثہ ڈائیو بس اور جیپ گاڑی کے درمیان پیش آیا جس کے نتیجے

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

محرم الحرام کے حوالے سے سیکورٹی پلان کو حتمی شکل دیدی گئی، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ

کوئٹہ شہر میں 57 امام بارگاہوں اور تکیہ خانوں کی سیکورٹی انتظامات مزید سخت کردیئے ہیں

10 محرم الحرام کو بھی موبائل فون سروس معطل رہے گا، کیپٹن (ر) اورنگزیب بادینی

کوئٹہ (آن لائن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کیپٹن (ر) اورنگزیب بادینی نے کہا ہے کہ محرم الحرام کے حوالے سے سیکورٹی پلان کو حتمی شکل دیدی گئی، کوئٹہ شہر میں 57 امام بارگاہوں اور تکیہ خانوں کی سیکورٹی انتظامات مزید سخت کردیئے ہیں، 10 محرم الحرام کو بھی موبائل فون

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

کشمیری شہری گذشتہ ایک سال سے بدترین کرفیو کا سامنا کررہے ہیں، شاہ محمود قریشی

بھارت اپنے داخلی انتشار سے توجہ ہٹانے کیلئے ایل او سی پر معصوم شہریوں کو نشانہ بنا رہا ہے

پاکستان افغان امن عمل سمیت خطے میں امن و استحکام کیلئے اپنا مخلصانہ کردار ادا کرتا رہے گا، اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خارجہ شاہ محمد قریشی نے کہا ہے کہ بھارت اپنے داخلی انتشار سے توجہ ہٹانے کیلئے ایل او سی پر معصوم شہریوں کو نشانہ بنا رہا ہے، سعودی عرب کے نائب وزیر خارجہ عادل الجبیر کا فلسطین کے حوالے سے سامنے آنے والا بیان خوش آئند ہے

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

دینی جماعتیں ملک کے اسلامی تشخص کی حفاظت اور نظریاتی بنیادوں کے استحکام کے لئے میدان میں مصروف عمل ہیں، مولانا عبدالحق ہاشمی

ہم اس ملک کی نظریاتی سرحدوں کی جنگ لڑ رہے ہیں جس نظریہ کے نام پر قربانیاں دیکر ملک بنایا گیا ہے، امیر جماعت اسلامی بلوچستان

سوراب (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا عبدالحق ہاشمی نے کہا ہے کہ دینی جماعتیں ملک کے اسلامی تشخص کی حفاظت اور نظریاتی بنیادوں

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

موجودہ نقصان کا ایک قوم بن کر مقابلہ کرنے کی ضرورت ہے، بلاول بھٹو

تمام اسٹیک ہولڈرز قدرتی آفت پر سیاست کرنے کے بجائے حالات کو بہتر بنانے میں کردار ادا کریں

موجودہ اور اس کے بعد پیدا ہونے والے نقصان کا ایک قوم بن کر مقابلہ کرنے کی ضرورت ہے، ٹیلیفونک گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے وزیراعلیٰ کو بارش کے باعث حالات کو کنٹرول کرنے کے لئے ہنگامی بنیادوں پر ہر ممکن اقدامات اٹھانے کی ہدایات دیتے ہوئے اپیل کی ہے کہ تمام اسٹیک ہولڈرز قدرتی آفت پر

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

صادق پرنٹنگ پریس
پینا فلیکس
panaflex SADIQ Printing Press
شادی کارڈ | اشتہار | فوٹو اسٹیٹ | پلیسٹ پرنٹنگ
جلد سازی | ڈیزائننگ | اسٹیکر | کلر فوٹو اسٹیٹ | پینا فلیکس
اسکرین پرنٹنگ | پی وی سی کارڈ | لیٹر ہیڈ | بل بک | وزٹنگ کارڈ
081-2443169
0333-7806011
0331-8924129
0333-7811169
sadiqctcp@gmail.com
پتہ: صادق پرنٹنگ پریس مریم ٹاؤن سہرل روڈ کوئٹہ

شجر بھی حیات ہوتے ہیں
درخت کا بیج اپنا اور اپنی آنے والی نسلوں کا مستقبل محفوظ بنائیں
درخت ہمیشہ سے ہمارے دوست رہے ہیں بیشک ہم نہیں تو ہمارے بعد آنے والی نسلیں
ان کے سائے تلے ضرور بیٹھیں گی اور اس کا صلہ صرف اور صرف آپ کو ملے گا
کیونکہ درخت لگانا صدقہ جاریہ ہے۔
تو سوچیں آپ اس صدقے میں شامل کیوں نہیں۔
منجانب :- سمالزنی ٹرسٹ

بلوچستان کا کثیر الاشاعت براہوئی ماہنامہ آسیاب نوشکی
September 2020
آسیاب نوشکی

پڑھیں ماہنامہ پربت کوئٹہ کا تازہ شمارہ
ماہنامہ پربت کوئٹہ
www.shalgroup.net

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.pk

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

28 اگست 2020ء

محرم الحرام سیکورٹی انتظامات اور کورونا ایس او پیز

حکومت بلوچستان کے ترجمان لیاقت شاہوانی نے کہا ہے کہ محرم الحرام کے حوالے سے سیکورٹی کے سخت انتظامات کئے گئے ہیں یوم عاشورہ کے موقع پر نو ہزار سے زائد سیکورٹی اہلکار تعینات رہیں گے مجالس اور عزاداری میں کورونا وائرس سے بچاؤ کے ایس او پیز پر عملدرآمد کرایا جارہا ہے محرم الحرام کے بعد کیسز میں اضافہ ہوا تو صوبائی حکومت لاک ڈاؤن کی طرف جائے گی صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت 17 اضلاع حساس قرار دیئے گئے تھے ساتویں محرم کے موقع پر چھ ہزار تین سو 37 اہلکار سیکورتی پر تعینات رہے جبکہ یوم عاشورہ پر 9 ہزار پانچ سو 54 اہلکار تعینات رہیں گے ساتویں محرم کے موقع پر موبائل فون سروس بند کر رکھی تھی بلکہ سیکورٹی کے سخت انتظامات کئے گئے تھے محرم الحرام کے موقع پر کورونا وائرس سے بچنے کے لئے سختی سے عملدرآمد کرایا جارہا ہے بدقسمتی سے حالیہ دنوں میں کورونا وائرس کی کیسز میں اضافہ ہوا تھا کورونا کے بڑھنے کی شرح تین سے اچانک بائیس فیصد ہوئی ہے جبکہ پانچ دنوں میں کوئٹہ میں ایک سو اکسٹھ کیسز آئے ہیں عزاداری اور مجالس میں 6 فٹ کا فاصلہ ضروری ہے امام بارگاہوں اور مساجد میں کارپٹ کے استعمال سے گریز کیا جائے جبکہ اس دوران ڈسپوزایبل برتن کے استعمال کی ہدایت کی گئی ہے عوام کورونا سے بچنے کے لئے ایس او پیز کا خاص رکھیں محرم الحرام کے بعد کیسز میں اضافہ ہوا تو صوبائی حکومت لاک ڈاؤن کی طرف جائے گی لہذا احتیاطی تدابیر پر سختی سے عملدرآمد کیا جائے اور کسی بھی خطرے کو دعوت دینے کی بجائے عوام اپنے آپ کو محدود محفوظ رکھیں۔

جنرل امیر حمزہ خان مرحوم کی یاد میں!

میری پوسٹنگ بطور کیپٹن، قلات سکاؤٹس خضدار میں تھی۔ گرمیوں کا موسم تھا۔ خضدار کا موسم شدید ہوتا ہے۔ یعنی گرمیوں میں سخت گرمی اور سردیوں

لیفٹیننٹ کرنل (ر) غلام جیلانی خان

میں شدید سردی۔ ایک شام دروازے پر دستک ہوئی تو میرے ملازم نے آکر بتایا کہ تین مہمان ہیں جو وضع قطع اور لباس سے بہت کھلے پڑھے معلوم ہوتے ہیں۔ وہ آپ سے ملنا چاہتے ہیں۔ میں نے بتایا کہ ان کو اندر بلا لو اور ڈرائنگ روم میں بٹھاؤ، میں کپڑے تبدیل کرکے آتا ہوں۔

جب ان حضرات سے ملاقات ہوئی تو معلوم ہوا کہ تبلیغی جماعت کے افراد ہیں۔ تینوں باریش تھے۔ ایک کا تعلق لاہور سے تھا۔ دو ایم بی بی ایس ڈاکٹر تھے اور میڈیکل سپیشلسٹ تھے۔ دوسرے صاحب فیصل آباد کے رہنے والے تھے اور زرعی یونیورسٹی میں پڑھاتے تھے وہ بھی پی ایچ ڈی تھے۔ تیسرے مہمان کا تعلق پشاور سے تھا اور وہ پیشے کے اعتبار سے انجینئر تھے۔ میں نے آمد کی وجہ پوچھی تو ایک صاحب جوان میں زیادہ عمر کے تھے، کہنے لگے کہ ہم آپ کی یونٹ کی مسجد میں عشاء کی نماز کے بعد آپ کے جوانوں سے خطاب کرنا چاہتے ہیں۔ میں نے بیٹھے بیٹھے کمانڈنگ آفیسر کو فون کیا اور ان سے اجازت لی۔ انہوں نے کہا کہ خطاب کرنے میں کوئی ہرج نہیں لیکن کوئی متنازعہ مذہبی مسئلہ زیر بحث نہ لائیں اور یہ بھی کہا کہ تم خود عشاء کی نماز مسجد میں پڑھو گے اور ان کے ساتھ رہو گے۔

میں نے ان حضرات کو بتایا کہ فوج کی مساجد میں باعموم اس طرح کے مواعظ کی اجازت نہیں دی جاتی لیکن آپ چونکہ دور دراز مقامات سے تشریف لائے ہیں، اس لئے جو کہنا ہو، اختصار سے بیان کیجئے۔ انہوں نے کہا کہ ہم صرف 15، 20 منٹ میں بات ختم کردیں گے اور کسی اختلافی موضوع پر گفتگو کرنا ہماری جماعت کا منشور نہیں۔ پھر مجھ سے ذاتی طور پر سوال کیا کہ آپ کس علاقے سے ہیں؟ میں نے کہا پنجاب سے ہوں اور یہاں میرے جو فرد پوس ہیں ان کا تعلق صوبہ سرحد کے قبائلی علاقوں سے ہے۔ بس واجبی سی اردو جانتے ہیں۔ وہ یہ سن کر خوش ہوئے اور کہنے لگے کہ ہم نے آپ کو بھی اور آپ کے جوانوں کو بھی ایک سادہ سا پیغام دینا ہے۔ میں نے دریافت کیا کہ وہ پیغام کیا ہے تو بولے: "سر! ہم نے خدا کو بھلا رکھا ہے اس لئے خدا نے بھی ہمیں بھلا دیا ہے ورنہ مسلم امہ آج اس مقام پر ہوتی جہاں خلفائے راشدین کے دور میں تھی!" ..... وہ اتنا کہہ کر چپ ہو گئے ..... میں منتظر تھا کہ شائد کوئی مزید وضاحت کریں گے لیکن انہوں نے کہا کہ بس یہی ہمارا پیغام ہے۔ ہم نماز، روزہ، زکوٰۃ، حج اور توحید کو بھلا بیٹھے ہیں۔ میں نے جب ان کو یہ بتایا کہ ہمارے جوان، جے سی او ز اور آفیسرز تقریباً سارے کے سارے باقاعدگی سے نماز پڑھتے اور حتی الوسع باقی ارکین اسلام کی پیروی کرتے ہیں تو بہت خوش ہوئے .....

عشاء کی نماز میں انہوں نے یہی باتیں کیں۔ پشاور کے انجینئر صاحب نے جب مائک سنبھالا تو پشتو میں بات شروع کی اور میں دیکھ رہا تھا کہ صحن مسجد میں تمام حضرات ہمہ تن گوش ہو کر ان کا خطاب سن رہے تھے۔

پھر کافی سال گزر گئے ..... میری پوسٹنگ جی ایچ کیو، راولپنڈی میں ہوگئی۔ مجھے اپنے پروفیشنل فرائض کے علاوہ ایک سہ ماہی جریدے کی ادارت بھی کرنا پڑی۔ میں اپنے کالموں میں یہ تفصیل کئی بار بتا چکا ہوں۔ اردو زبان میں پیشہ ورانہ دفاعی امور پر لکھنے والوں کی بہت کمی تھی اور یہ ادارت میرے لئے ایک چیلنج تھی۔ ایک روز میرے دفتر میں ایک سفید ریش بزرگ تشریف لائے اور مصافحہ کرتے ہوئے کہا: "میجر جنرل امیر حمزہ خان ....." (جاری ہے)

عذاب در عذاب؟

صدیوں پہلے جب ہلاکو خان نے بغداد پر حملہ کیا وہ بستیوں کو تاراج کرتا ہزاروں انسانوں کو تہہ تیغ کرتا مسلمانوں کے عظیم

ایم سرور صدیقی

مذہبی، ثقافتی اور علمی و ادبی مرکز میں پہنچا یہاں بھی اس نے ظلم و بربریت کی نئی مثالیں قائم کر ڈالیں انسانی کھوپڑیوں کے مینار بنا کر فتح کا جشن منانا اس کا محبوب مشغلہ تھا۔ تاریخ بتاتی ہے جب ہلاکو خان نے بغداد کی لائبریروں کی کتابوں کو دریا میں پھینکوایا تو اتنا عظیم الشان ذخیرہ تھا کہ پانی کئی گھنٹے رک گیا اس سے آپ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ اس وقت کا بغداد کیسا شہر حکمت و دانش ہوگا؟ بہرحال سقوط بغداد کے بعد جب وزیروں، مشیروں، معززین اور علماء کرام کو اس کے سامنے پیش کیا گیا تو چہار اطراف تباہی و بربادی تھی سب سہمے سہمے ڈرے ڈرے اس کے دربار میں لائے گئے سب پر اس تباہی اور قتل عام کے گہرے اثرات تھے جب ہلاکو خان دربار میں آیا تو اس کے جاہ و جلال سے گویا اتنا سناٹا چھا گیا جیسے حاضرین کی سانسیں رک گئی ہوں۔ اس نے ادھر ادھر دیکھا حقارت سے قیدیوں پر نظر دوڑائی پھر وہ ہوا جس کی توقع بھی نہیں کی جاسکتی تھی نہ جانے کہاں سے ایک "قیدی" آگے بڑھا اس کے چہرے پر بڑی متانت تھی اس نے کمال جرأت سے ہلاکو خان کی آستین پکڑ لی ہذیانی کیفیت میں چیخ کر کہا

"تمہارا بیڑا غرق ہو تم پر ضرور اللہ کا عذاب آئے گا"

ہلاکو خان نے نخوت سے آستین جھٹک کر زور سے قہقہہ لگاتے ہوئے کہا "نادان تم جس عذاب کا ذکر کر رہے ہو وہ میں ہی ہوں۔ پھر اس کے حکم پر سب کو موت کے گھاٹ اتار دیا گیا

قرآن کہتا ہے اللہ نے نافرمان قوموں پر طرح طرح کے عذاب نازل کئے کسی کی شکل تبدیل ہوگئی کوئی پانی میں غرقاب ہوگیا، کسی قوم پر چوہوں کا عذاب آیا اور وہ طاعون کے مرض میں مبتلا ہو کر مرتے چلے گئے، کہیں مینڈکوں کی افراط ہوگئی لوگ عاجز آگئے اور کہیں نافرمانوں کیلئے پانی خون میں بدل جاتا وہ پیاسے مرجاتے مسلمانوں پر ایسا کوئی عذاب نہیں آتے والا اس کی وجہ فقط یہ ٹھہری کہ ہم اللہ کے آخری اور اس کے لاڈلے نبی اکرم ﷺ کے امتی ہیں ورنہ اعمال تو ہمارے شاید نافرمان قوموں جیسے ہی ہیں ہمارے شکلیں صورتیں تو نہیں بدلیں لیکن ہم جیسے نافرمانوں کیلئے اللہ کے عذاب کی شکل بدل گئی اربوں کی تعداد میں ہونے کے باوجود مسلمان پوری دنیا میں ذلیل و رسوا ہو رہے ہیں بیشتر اسلامی ممالک عدم تحفظ کا شکار ہیں درجنوں مسلمان ملک اپنے داخلی، خارجی مسائل میں الجھے ہوئے ہیں شام، فلسطین، افغانستان، عراق، ایران، سعودی عرب، شام، یمن، لبنان میں سے اکثر مسلمان ہی مسلمانوں کے خلاف نبرد آزما ہیں وادی کشمیر میں ایک سال سے کرفیو نافذ ہے ایک عرصہ سے کشمیری جدوجہد آزادی کا مطالبہ کر رہے ہیں برما میں مسلمانوں کا جینا عذاب بن چکا ہے ان کی نسل کشی ہو رہی ہے دکھ کی بات یہ ہے کہ ان کے حق میں کوئی آواز نہیں اٹھا حتیٰ کہ بیشتر مسلم حکمرانوں نے بھی چپ کا روزہ رکھا ہوا ہے ہر جگہ مرتے مسلمان ہیں پھر بھی مسلمانوں پر دہشت گرد ہونے کا لیبل چسپاں کر دیا گیا ہے۔ غور کریں تو محسوس ہوگا یہ بھی عذاب کی ایک شکل ہی ہے پوری دنیا میں جہاں بھی دہشت گردی کا واقعہ ہوا سے مسلمانوں کے ساتھ جوڑ دیا جاتا ہے پھر بھی ہم نہیں سمجھتے شاید سمجھنا ہی نہیں چاہتے۔ عالم اسلام کو اللہ تبارک تعالیٰ نے ہزاروں نعمتوں سے سرفراز فرمایا ہے پھر بھی یہود و نصاریٰ اور ہندوؤں کو ہم پر برتری حاصل ہے مغربی ممالک میں سب سے زیادہ بزنس مین اور ملازمین کی اکثریت ہندوؤں کی ہے اقلیت کی اکثریت پر حکومت بھی تو اللہ کا عذاب ہی ہے، اسلامی ممالک میں زیادہ تر بادشاہت ہے لیکن جو ملک جمہوری کہلاتے ہیں یہاں بھی غالب آبادی کو انسانی حقوق میسر نہیں مراعات، ریاستی وسائل اور ہر قسم کی آسائشیں صرف اشرافیہ کے تصرف میں ہیں عوام کو تو زندگی کی بنیادی سہولیات سے آشنائی ہی نہیں یہ کتنی عجیب بات ہے کہ دنیا چاند پر پہنچ گئی ہے مریخ تک رسائی کی باتیں ہو رہی ہیں لیکن عوام اس قدر احساس محرومی کے شکار ہیں کہ چند روپوں کے فائدے کیلئے اپنی جان پر کھیل جاتے ہیں اس کی ایک مثال احمد پور شرقیہ میں آئل ٹینکر سے پٹرول لوٹتے ہوئے 200 سے زائد افراد کی ہلاکت ہے حکمرانوں نے اپنے لئے دولت کے پہاڑ جمع کر لئے پھر بھی ان کا پیٹ نہیں بھرتا اور قربان جائیے وہ پھر بھی معصومیت سے کہتے پھرتے ہیں ہم پر الزام کیا ہے؟ دلچسپ بات نہ سہی شرم کا مقام تو ہے کہ پاکستان کو لوٹنے والوں کا دفاع کچھ لوگ کس دھڑلے سے کر رہے ہیں کسی کو سچ بات کرنے کی توفیق نہ ہونا بھی اللہ کا عذاب ہی ہے یہ الگ بات حال مست مال مست لوگوں کی دنیا ہی نرالی ہوتی ہے مذہبی جماعتیں ہوں یا جمہوری پارٹیاں سب کی سب کرپشن کے حمام میں ننگی ہیں ان کی عجب کرپشن کی غضب کہانیاں آئے روز منظر عام پر آتی رہتی ہیں حکمران ہوں یا ان سے وابستہ ارکان اسمبلی میں سے بیشتر کے قصے کہانیاں گھر گھر میں سنائی اور دکھائی دیتی ہیں پھر بھی ان کے حق میں نعرے لگانے والوں کی کمی نہیں یقیناً یہ بھی اللہ کا عذاب ہی ہے۔ جو اپنے مفاد کیلئے جھوٹ کو سچ اور سچ کو جھوٹ بنانے پر قادر ہیں۔ غریبوں کے گھروں میں دو وقت کی روٹی کیلئے سسکیاں، ہسپتالوں میں ایک ایک بیڈ پر پڑے چار چار مریضوں کی ہچکیاں، ارکان اسمبلی کی لوٹ مار کی کہانیاں، پروکٹول سے غریبوں کی بلاکتیں، شہر شہر غربت کے باعث خودکشیاں، اقتدار کیلئے لڑائیاں اور عام آدمی کیلئے محض آنیاں جانیاں، معصوم بچوں سے ریپ، عجب کرپشن کی غضب ناک کہانیاں، متولیوں کے ورثاء کو انصاف نہ دینا پھر بھی خدمت کے دعوے، شرم نہ حیا۔ ہم مسلمانوں نے تو زمانہ بیتا غور و فکر کرنا ہی چھوڑ ڈالا ہر کسی کو بس اپنا وقتی فائدہ ہی اچھا لگتا ہے اور اس کے لئے وہ کسی بھی حد تک جانے سے گریز بلکہ دریغ نہیں کرتا پھر ہمارے ساتھ جو کچھ ہو رہا ہے اس کا گلہ کیسا؟ شکوہ کیونکر؟ کوئی مانے یا نہ مانے یقین سے کہا جاسکتا ہے کہ ایسے حکمران بھی اللہ کا عذاب ہیں جو غریبوں کے حصے کا زرق چھین کر اپنی دولت میں اضافہ کرتے چلے جائیں، مہنگائی، بیروزگاری، دہشت گردی، ملاوٹ، ڈاکٹر قصائی بن گئے ہیں، تھانوں اور عدالتوں میں انصاف نہیں نہ جانے ہم ظلم کا تختہ مشق کیوں بن گئے ہیں کیسے علم کہ کتنے مسائل عوام کو اندر ہی اندر سے کھائے چلے جا رہے ہیں یقین جانئے جنوبی ایشیا میں برصغیر کے بیشتر ممالک کے عوام تو عذاب در عذاب کا شکار ہیں ہر محکمہ، ہر ادارہ، ہر بااثر شخص عوام کا استحصال کر رہا ہے کوئی سچ کہنا، سننا اور برداشت کرنے کو تیار نہیں یہ بھی عذاب کی اقسام ہیں آپ ایک لمحے کے لئے ہی سہی ذرا اپنے دل پر ہاتھ رکھ کر سوچیں پھر جواب دیں اور عذاب کیسا ہوتا ہے؟ سمجھ اس لئے نہیں لگ رہی کہ شاید ہمارے دل و دماغ پر مہریں لگا دی گئی ہیں۔

پاکستان اور اسرائیل ایک دوسرے کی ضد ہیں

مشرق وسطیٰ میں مغربی کنارے پر واقع اسرائیل ایک متنازعہ علاقہ ہے جو ارض فلسطین پر بزور شمشیر ناجائز اور غیر قانونی قبضہ کی صورت میں قائم ہوا۔ 1948ء

شوکت ورک

میں ہونے والی عرب اسرائیل جنگ جس میں دنیا بھر کی اسلام مخالف قوتوں اور ملکوں نے اسرائیل کی ہر طرح سے مدد کی جس کے باعث اردن، شام اور مصر پر مشتمل عرب ملکوں کو اس جنگ میں ہزیمت کا سامنا کرنا پڑا۔ اس جنگ میں اسرائیل کے لئے کلیدی کردار ادا کرنے والا شخص ڈیوڈ بن گوریان تھا جو 16 اکتوبر 1886ء میں اس وقت کے روس کے زیر نگیں پولینڈ کے شہر پلونسک میں پیدا ہوا۔ بن گوریان یہودیوں کے متشدد اور انتہا پسند فرقے صہیونیت کا بھی بانی ہے۔ یہودی گھرانے میں آنکھ کھولنے کے باعث 1935ء سے وہ صہیونیت کے پرچار کے علاوہ اس کے ذہن میں یہودیوں کے لئے ایک ملک کا حصول تھا اور وہ اس کے لیے سرگرم رہا اور 1946ء میں وہ ورلڈ صہیونی تنظیم کا سربراہ بنا اور یروشلم کے حصول کے لیے اپنی حکمت عملی پر کام شروع کر دیا۔ یہاں اس امر کا اظہار برمحل ہوگا کہ یروشلم مسلمانوں، عیسائیوں اور یہودیوں کے لئے یکساں طور پر متبرک شہر ہے کہ بیت المقدس اور مسجد اقصیٰ مسلمانوں کا قبلہ اول اور مقدس مقام ہے جبکہ یہودی یہاں ٹیمپل سلیمانی تعمیر کرنا چاہتے ہیں جس کی تعمیر حضرت داؤدؑ نے شروع کی تھی اور جسے مکمل حضرت سلیمانؑ نے کرایا جسے بعد کے حملہ آوروں نے مسمار کر دیا اور یہودی تابوت سکینہ کی بھی تلاش میں سرگرداں ہیں یہ ایک صندوق ہے جو حضرت آدم علیہ السلام کے وقت سے ہے اور مختلف ادوار میں مختلف پیغمبروں سے ہوتا ہوا بنی اسرائیل میں حضرت موسیٰ علیہ السلام تک پہنچا۔

یہ صندوق یہودیوں کے لئے بڑا مقدس اور معتبر درجہ رکھتا ہے اس صندوق میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کا عصا اور تختیاں، حضرت ہارون علیہ السلام کا عمامہ اور حضرت سلیمان علیہ السلام کی انگوٹھی کے علاوہ تورات کی چند تختیاں بھی اس میں ہیں جس کا آج تک سراغ نہیں مل سکا کہ وہ کہاں ہے اور یہودی اب تک اس کی تلاش میں ہیں۔ یہودیوں نے بڑے طریقے سے فلسطین میں زمین اور عمارات خریدنا شروع کیں اور چالاکی سے فلسطین کے مختلف علاقوں میں جائدادیں بنانا شروع کر دیں اور قابض ہونے لگ گئے یہاں ان کی اس عیاری کا علم اہل فلسطین کو اس وقت ہوا جب پانی سر سے گزر چکا تھا اسے میں چند حریت پسند مسلمانوں نے ایک خفیہ تنظیم بنائی جس کا سربراہ شعبان لطفی تھا جو ایک ہوٹل کا مالک تھا اور اس تنظیم جس کا کوئی نام نہیں تھا کے خفیہ اجلاس اس ہوٹل میں ہوتے اور پھر ان اجلاسوں میں کئے گئے فیصلوں پر عمل ہوتا اور یہودیوں کی تنصیبات، اور عمارتوں کو نشانہ بنایا جاتا۔

14 مئی 1948 کو اسرائیل کے وجود میں آجانے کے بعد عام انتخابات کرائے گئے اور بن گوریان کی لیبر پارٹی جو خود بھی 1948ء میں تشکیل دی گئی تھی نے یہ انتخابات جیت لئے اور بن گوریان اسرائیل کے پہلے وزیر اعظم اور وزیر دفاع بن گئے اور تیزی سے اس خفیہ تنظیم کا سراغ لگانے کی کوششیں شروع کر دی گئیں جو شعبان لطفی چلا رہے تھے اور آخر کار انہیں ان کے ہوٹل کے اندر ہی گرفتار کر لیا گیا اور جذبہ جہاد اور ان کی قربانی کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ جب اسرائیلی فوجیوں نے کہا کہ تم میں سے شعبان لطفی کون ہے تو اس وقت اجلاس میں موجود سب نے یک زبان ہو کر کہا کہ میں شعبان لطفی ہوں اور اسرائیلی فوجیوں کو شعبان لطفی پہچاننے میں جب بڑی دقت پیش آئی تو انہوں نے کہا کہ ہم آپ سب کی آنکھیں گرم سلاخوں سے پھوڑ دیں گے۔ بتاؤ تم میں سے شعبان لطفی کون ہے؟ تو اصل شعبان لطفی اٹھ کر کھڑے ہو گئے اور انہوں نے باقی ساتھیوں کو روک دیا اور اعتراف کیا کہ میں شعبان لطفی ہوں اور اسرائیلی فوجیوں نے جلتی ہوئی سلاخوں سے ان کی آنکھیں پھوڑ دیں۔ 1954ء میں ڈیوڈ بن گوریان وزارت عظمیٰ اور وزارت دفاع سے مستعفی ہو گئے مگر اسرائیلی پارلیمنٹ کے ممبر رہے۔

1955ء میں دوبارہ انتخابات میں حصہ لیا اور 1963ء تک اسرائیل کے وزیر اعظم رہے اور بعد ازاں استعفیٰ دے دیا اور 1970 میں سیاست سے ریٹائر ہو گئے اور 1973ء میں انتقال کر گئے۔ ان کے نام پر اسرائیل کے دارالحکومت تل ابیب کے ایئر پورٹ کو منسوب کر دیا گیا اور اب وہ بن گوریان انٹرنیشنل ایئر پورٹ کہلاتا ہے۔ 13 اگست 2020 میں اقوام متحدہ کی جاری کی گئی رپورٹ کے مطابق اسرائیل کی آبادی 8670745 ہے جو ایک کروڑ ہے اور لاہور شہر کی آبادی سے بھی کم ہے اور دنیا کی آبادی جو 8,7 ارب ہے اور یوں اسرائیل کی آبادی دنیا کی آبادی کا 11,0 فیصد ہے جب کہ مسلمان ممالک کی آبادی دو ارب نفوس پر مشتمل ہے جو اب تک اس ایک کروڑ سے کم آبادی والے ملک کا کچھ نہیں بگاڑ سکی۔ جس کی بڑی وجہ مسلم ممالک کا آپس میں متحد نہ ہونے کا فقدان ہے جو ایک بہت بڑا المیہ ہے۔

غیر مصدقہ اطلاعات کے مطابق اسرائیل ایٹم بم بھی بنا چکا ہے تاہم اس نے ابھی تک اس کا اعلان نہیں کیا۔ حال ہی میں دو ایک اہم عرب ملکوں نے اسرائیل کو تسلیم کیا ہے جس کو عالم اسلام نے ناپسندیدگی کی نگاہ سے دیکھا ہے کہ ایسے وقت میں جبکہ فلسطینی علاقوں میں مسلمانوں پر مظالم کی انتہا کی جارہی ہے عرب ملکوں کا اسرائیل کو تسلیم کرنا اور اس سے سفارتی تعلقات قائم کرنا ان فلسطینی عوام کے خون ناحق سے ناانصافی کے مترادف ہے۔ اسرائیل نے فلسطینی علاقے کے عوام کی نہ صرف املاک کو تباہ کیا ہے اور کر رہا ہے بلکہ بچوں، خواتین اور بزرگوں پر بھی ظلم روا رکھے ہوئے ہے اگر ان عرب ممالک نے اسرائیل کو تسلیم کرنا ہی تھا تو آرگنائزیشن آف اسلامک کنٹریز (او آئی سی) کا اجلاس بلایا جاتا دیگر اسلامی ملکوں کو اعتماد میں لیا جاتا۔ اسرائیل سے تحریری یقین دہانی کرائی جاتی کہ وہ فلسطینی علاقے میں ناجائز تعمیرات کو منہدم کر دے گا اور فلسطینی معصوم مسلمانوں پر کئے گئے مظالم پر معافی مانگے گا اور ان فلسطینی عوام کی منہدم تعمیرات کا معاوضہ ادا کرے گا اور آئندہ فلسطینی علاقوں میں بے جا مداخلت سے اجتناب کی ضمانت دے گا مگر ان عرب ممالک نے بے یک جنبش قلم اسرائیل سے معاہدہ کر لیا، تسلیم کر لیا اور سفارتی تعلقات قائم کر لئے جو ایک اچنبے کی بات ہے۔

اس مرحلہ پر ترکی، ایران، ملیشیا، اور بعض دیگر ممالک نے اس عمل کو ناپسند کیا ہے اس حوالے سے ہم حکومت پاکستان اور خصوصاً وزیر اعظم عمران خان سے کہیں گے کہ وہ اسرائیل کے مسئلہ پر حکومتی پالیسی کا اعلان کریں اور اپنے لائحہ عمل سے عوام کو اعتماد میں لیں۔ یہ بجا کہ اقوام متحدہ کے ایک حالیہ اجلاس میں جب اسرائیلی وزیر اعظم نتن یاہو خطاب کرنے آئے تو تمام ممالک کے سربراہوں نے کھڑے ہو کر ان کا استقبال کیا مگر وزیر اعظم پاکستان عمران خان اپنی نشست پر براجمان رہے اور کھڑے نہیں ہوئے۔ یہ امر بھی دلچسپی کا حامل ہے کہ دنیا بھر میں صرف دو ہی ملک ایسے ہیں جو نظریاتی بنیادوں پر قائم ہوئے ہیں ایک وطن عزیز پاکستان اور دوسرا اسرائیل اور دونوں مذہبی نقطہ نظر سے ایک دوسرے کی ضد ہیں۔

اس وقت دنیا میں 195 ممالک ہیں جو اقوام متحدہ کے باقاعدہ رکن ہیں۔ جبکہ فلسطین اور ہولی واٹر (ویٹکن سٹی) اقوام متحدہ کے باقاعدہ ممبر نہیں ہیں بلکہ مبصر رکن ہیں۔ ان 193 ملکوں میں سے 163 ممالک نے اسرائیل کو تسلیم کر رکھا ہے یا ان ملکوں کے اس سے سفارتی تعلقات ہیں۔ جبکہ 30 ممالک نے ابھی تک نہ تو اسرائیل کو تسلیم کیا ہے اور نہ ہی ان کے اسرائیل سے سفارتی تعلقات ہیں۔ ان میں اکثریت مسلم ممالک کی ہے جن میں پاکستان بھی شامل ہے۔ آرگنائزیشن آف اسلامک کنٹریز (او آئی سی) جس نے آج تک فلسطین اور کشمیر کے مسئلہ سمیت کوئی قابل ذکر کارنامہ سرانجام نہیں دیا۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ یہ 30 ممالک جنہوں نے اسرائیل کو تسلیم نہیں کیا ایک الگ تنظیم بنا کر مسئلہ فلسطین اور کشمیر سمیت مسلم امہ کو درپیش دیگر عالمی مسائل پر بھی اس پلیٹ فارم سے نتیجہ خیز امور سرانجام دے سکتے ہیں۔ پاکستان کو چاہیے کہ اس سلسلے میں موثر رابطے قائم کر کے اس تجویز کو قابل عمل بنائے۔

پاکستان تیسرے ٹیسٹ میں بقاء کی جنگ لڑیگا؟

پاکستان اور انگلینڈ کے مابین کھیلی جانے والی ٹیسٹ سیریز کا دوسرا میچ بارش کی نذر ہونے کے باعث ڈرا ہو گیا۔ اب پاکستان چند روز میں شروع

وقار رانا

ہونے والے تیسرے ٹیسٹ میچ میں اپنی بقاء کی جنگ لڑے گا جہاں سیریز برابر کرنے کے لئے اسے "مارو یا مر جاؤ" والی پالیسی اختیار کرنا پڑے گی، کیونکہ پاکستان پہلے ٹیسٹ میں جیتی ہوئی بازی ہار گیا تھا۔ دوسرا ٹیسٹ بغیر کسی نتیجے کے ختم ہو گیا، اب پاکستان کو سیریز برابر کرنے کے لئے ایڑی چوٹی کا زور لگانا ہوگا۔ پاکستان نے اس ٹیسٹ میں قومی ٹیم کے سینئر کھلاڑی فواد عالم کو گیارہ برس بعد ٹیم میں موقع دیا جہاں وہ اس موقع سے فائدہ نہ اٹھا سکے اور فقط چار گیندوں کے مہمان ثابت ہوئے، اس دوران ان کا چہرہ مایوسی کا شکار اور ان میں خود اعتمادی کا فقدان نظر آیا۔ ظاہری بات ہے گیارہ سال کا عرصہ اس بلے باز کے لئے کافی تکلیف دہ ہوتا ہے جو کافی عرصے سے ڈومیسٹک میں پرفارم کر رہا ہو لیکن اسے قومی ٹیم میں چانس نہ ملے اور جب مل بھی جائے تو ایسے موقع پر جہاں عزت بچانے کے لالے پڑ جائیں۔ کیونکہ اس سے قبل ہونے والی تقریباً تین سیریز میں فواد عالم قومی ٹیم کے ہمراہ تھے، لیکن ان سیریز میں انہیں کھیلنے کا موقع فراہم نہیں کیا گیا۔

اب جب موقع فراہم کیا گیا تو بارش سے متاثر پچ میں جہاں گیند بلے بازوں کے لئے مسائل پیدا کر رہی تھی اور رنز بنانا کافی مشکل تھا۔ دوسرے ٹیسٹ میچ سے قبل ٹاس جیت کر ایسی باؤنسی پچ پر پہلے کھیلنے کا فیصلہ سمجھ سے باہر ہے جہاں باؤلر کی گیند سوئنگ کے ساتھ باؤنس بھی ہو رہی ہو اور سوئنگ بھی ہو رہی ہو۔ قومی ٹیم میں انگلینڈ کی نسبت اچھے اور منجھے ہوئے باؤلر موجود ہیں تو کیا ضرورت تھی پہلے بیٹنگ کرنے کی۔ گو دوسرے میچ میں بارش نے رنگ میں بھنگ ڈال دی لیکن اگر بارش نہ ہوتی تو شاید اظہر علی کا یہ فیصلہ ان کی اہم غلطی ثابت ہوتا۔ دس سال سے قومی ٹیم میں موجود اظہر علی آج تک پچ کی کنڈیشن کو ہی نہیں بھانپ سکے۔ حیرانی ہے پی سی بی اور سلیکشن کمیٹی پر کہ بطور کپتان جب ان کی پرفارمنس متاثر ہو رہی ہے تو ان کی جگہ کسی دوسرے کو کپتانی کے لئے تیار کر کے انہیں نائب کپتان کی سیٹ پر براجمان کر دیا جائے۔

اس سے ان کی اپنی ساکھ بھی بچ جائے گی اور قومی ٹیم کی ساکھ بھی متاثر نہیں ہوگی، کیونکہ گزشتہ دو تین سیریز میں انہوں نے جس طرح کی انگز کھیلی ہیں وہ سب کے سامنے ہے لیکن شاید پی سی بی ان پر مکمل اعتماد کے ساتھ ہر سیریز میں بطور کپتان بھروسہ کر رہا ہے جس سے ان کی بیٹنگ شدید متاثر ہو رہی ہے۔ سیریز کا تیسرا میچ دو دن بعد اسی گراؤنڈ میں کھیلا جائے گا جہاں سیریز کا دوسرا میچ بارش کے باعث ڈرا کر دیا گیا میرا خیال یہی ہے کہ اس ٹیسٹ میچ میں اسد شفیق کی جگہ شاداب خان یا سہیل خان کو میچ کھلانے میں کوئی حرج نہیں ہونا چاہیے امیدوں کے محور بابر اعظم، شان مسعود، محمد رضوان، یاسر شاہ، محمد عباس کون بازی پلٹنے میں نمایاں کارکردگی دکھاتا ہے امید ہے پوری ٹیم ذمہ دارانہ کھیل پیش کرے گی۔

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

حکومت مہنگائی پر قابو پانے کی کوششیں کر رہی ہیں۔ شیلی فراز



اسے ضرور پڑھیے!

ہر کتاب کا کوئی نہ کوئی موضوع ہوتا ہے لیکن اگر کتاب کا موضوع بھی ایک کتاب ہی ہو تو کیا کہنے!.... اور کتاب بھی وہ جس کے بارے

حامد ولید

میں دعویٰ ہے کہ وہ شکوک سے پاک ہے اور پرہیزگاروں کے لئے منبع ہدائت ہے، جسے قیامت تک اصل حالت میں قائم رہنا ہے اور جس کی حفاظت کا ذمہ خود اللہ تعالیٰ نے اپنے ذمے لیا ہے۔

اگر آپ یہ جاننے میں دلچسپی رکھتے ہیں کہ قرآن کے مطالعہ کے آداب کیا ہیں، وحی کی ہیئت، تاریخ اور قرآنی شکل میں ترتیب پانے کا طریقہ کار کیا تھا، قرآن مجید فرقان حمید کی فہم کے لئے حدیث کو سمجھنا کیونکر ضروری ہے، قرآن پاک کے بڑے موضوعات کیا ہیں، چودہ سو سال گزر جانے کے باوجود اس کی معنویت کیونکر برقرار ہے، قرآن زندگی کے آداب بارے کیا کہتا ہے، یہ تضادات سے پاک کیونکر ہے، مدرسوں کے حوالے سے کہاں کیا غلط ہو گیا، مظاہر فطرت سے قرآن کا رشتہ کیا ہے، سماجی مسائل پر قرآنی تعلیمات کیا ہیں، اور علامہ اقبال کی شاعری کا موضوع قرآن مجید کیونکر بنا تو پروفیسر ڈاکٹر محمد اکرم چودھری کی تازہ کتاب A:The Holy Quran continuous Miracle کا مطالعہ ضرور کیجئے۔ یہ کتاب انگریزی زبان میں تحریر کی گئی ہے مگر اس قدر آسان اور سہل کہ شائد اردو میں بھی اس روانی سے نہ لکھی جاسکتی!

ڈاکٹر چودھری پنجاب یونیورسٹی کے سابق وائس چانسلر اور ان دنوں Professor Emeritus ہیں۔ فلسفہ، عربی زبان و ادب اور قرآنی علوم کے ماہر کے طور پر آپ نے ایک بڑا نام کمایا ہے اور زمانے بھر سے اعزازات کے ٹوکرے سمیٹ چکے ہیں، آپ بزم اقبال لاہور سے تعلق خاص رکھتے ہیں۔

کتاب کے بارے میں خود ڈاکٹر چودھری رقمطراز ہیں کہ اس کتاب کا محرک قرآن مجید کی سورہ نساء کی یہ آیت ہے کہ "کیا وہ قرآن پر غور نہیں کرتے؟ اگر اسے اللہ کے سوا کسی نے بھیجا

شمال بقیہ 1

میں انفارمیشن ٹیکنالوجی کے فروغ کے حوالے سے اجلاس ہوا جس میں وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی سید امین الحق، وزیر اطلاعات سینیٹر شبلی فراز، وزیر صنعت محمد حماد اظہر، مشیران ڈاکٹر عبدالحفیظ شیخ، ڈاکٹر عشرت حسین، عبدالرزاق داؤد، معاون خصوصی ڈاکٹر شہباز گل، وفاقی سیکرٹری صاحبان، چیئرمین ایف بی آر، گورنر سٹیٹ بنک اور آئی ٹی سیکٹر سے تعلق رکھنے والی مختلف کمپنیوں کے نمائندگان شریک ہوئے۔ وزیر اعظم کو آئی ٹی سیکٹر کا ملکی معیشت میں کردار، شعبے میں ملکی برآمدات، اور شعبے کے فروغ کے حوالے سے درپیش رکاوٹوں پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ موجودہ حکومت کی ہدایات کی روشنی میں سٹیٹ بنک کی جانب سے فری لانسرز کے معاوضے کی حد پانچ ہزار ڈالر ماہانہ سے بڑھا کر پچیس ہزار ڈالر کردی گئی ہے۔ وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی کی جانب سے صنعت اور شعبے سے متعلقہ اسٹیک ہولڈرز سے روابط کا مربوط نظام وضع کیا گیا ہے۔ رائٹ آف وے پالیسی حتمی مراحل میں ہے جسے بہت جلد کابینہ میں منظوری کے لئے پیش کر دیا جائے گا۔ وزیر اعظم کو بتایا گیا کہ مالی سال 2019-20 میں آئی ٹی سروسز کی مد میں برآمدات 23.1 ارب ڈالر ریکارڈ کی گئیں جو کہ اس سے پہلے 995 ملین ڈالر تھیں۔ اس ضمن میں 7.23 فیصد کا اضافہ سامنے آیا ہے۔ وزیر اعظم کو بتایا گیا کہ وزارت کی جانب سے آئی ٹی شعبے کے حوالے سے آئندہ تین سالوں کے لیے پانچ ارب ڈالر کی برآمدات کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ آئی ٹی سیکٹر کے حوالے سے ٹیکس میں کمی لانے کی تجاویز پر کام جاری ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ پاکستانی سفارت خانوں کی معاونت سے آئی ٹی سیکٹر کے فروغ کے لئے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ وزیر اعظم کو بتایا گیا کہ مارکیٹ کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے نوجوانوں کے آئی ٹی کے حوالے سے سکل ٹریننگ پروگرام کا اجراء کیا گیا۔ تعلیمی اداروں، صنعتی شعبے اور حکومتی اداروں کے درمیان موثر ربط کے لئے پوری تشکیل دے دیا گیا ہے۔ ڈیجی سکلز ٹریننگ پروگرام کے تحت بارہ لاکھ نوجوانوں کو تربیت دی جا چکی ہے۔ شعبے سے منسلک افراد کی حوصلہ افزائی کے لئے آئی ٹی ایکسپورٹ ایوارڈ کا انعقاد کیا گیا۔ اسلام آباد میں آئی ٹی پارک بن چکا ہے جبکہ کراچی میں آئی ٹی پارک کے قیام کا منصوبہ منظوری کے مراحل میں ہے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ پانچ نیشنل انکیوبیشن سنٹرز سے 159 سٹارٹ اپس اپنی تربیت مکمل کر چکے ہیں۔ اجلاس میں موجود مختلف آئی ٹی کمپنیوں کے نمائندگان نے شعبے کے فروغ کے لئے تجاویز پیش کیں وزیر اعظم نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملک کے نوجوانوں میں آئی ٹی کے شعبے میں بے انتہا صلاحیت موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ شعبے کے فروغ سے نہ صرف نوجوانوں کو اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے میں مدد ملے گی اور نوکریوں کے مواقع پیدا ہوں گے بلکہ اس سے ملکی برآمدات میں اضافہ ممکن ہوگا۔ وزیر اعظم نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ آئی ٹی شعبے کا فروغ حکومت کی اولین ترجیح ہے اور اس حوالے سے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ وزیر اعظم نے چیئرمین ایف بی آر کو ہدایت کی کہ آئی ٹی سیکٹر سے وابستہ کمپنیوں کو ٹیکس کے حوالے سے درپیش مسائل کا ترجیحی بنیادوں پر جائزہ لیکر ان کے حل کو یقینی بنایا جائے۔ بڑے شہروں میں آئی ٹی کلسٹرز بنانے کی تجویز سے اتفاق کرتے ہوئے وزیر اعظم نے متعلقین کو ہدایت کی کہ اس تجویز کو حتمی شکل دی جائے۔

شمال بقیہ 2

ترقیاتی منصوبوں کی منظوری، فنڈز کی فراہمی اور منصوبوں پر عملدرآمد کے آغاز پر وزیر اعلیٰ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا گیا کہ ان کی قیادت میں ضلع بارکھان کی ترقی کو جتنی توجہ ملی ہے گذشتہ 72 سالوں میں نہیں ملی اور آج بارکھان کے عوام ترقیاتی عمل پر خوش اور مطمئن ہیں، وفد نے وزیر اعلیٰ سے رکھنی میں ہسپتال، گرلز کالج کے قیام، بارکھان ہسپتال کی توسیع اور رکھنی کو تحصیل کا درجہ دینے کی درخواست کی، وزیر اعلیٰ نے یقین دلایا کہ بارکھان کے عوام کی ضروریات کے مطابق ضلع میں مزید ترقیاتی منصوبے دیئے جائیں گے، وفد نے وزیر اعلیٰ کو بارکھان کے دورے کی دعوت دی جسے وزیر اعلیٰ نے قبول کرتے ہوئے کہا کہ وہ جلد بارکھان کا دورہ کریں گے اور ترقیاتی منصوبوں کا اعلان کریں گے۔ دریں اثناء وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان سے نجی ہسپتالوں کی ایسوسی ایشن کے عہدیداروں کے وفد نے گذشتہ روز ان کے اسمبلی چیمبر میں ملاقات کی اور وزیر اعلیٰ کو نجی ہسپتالوں کو بلڈنگ کوڈ، پارکنگ اور درپیش دیگر مسائل سے آگاہ کیا، وفد سے بات چیت کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ حکومت شعبہ صحت کو درپیش مسائل کے حل اور سرکاری شعبہ کے ہسپتالوں میں علاج معالجہ کی بہتر سہولتوں کی فراہمی کے لئے بھرپور اقدامات کر رہی ہے جس کے لئے بجٹ میں خطیر فنڈز مختص کئے گئے ہیں، سرکاری شعبہ کے ہسپتالوں پر مریضوں کا بہت زیادہ دباؤ ہے جسے کم کرنے کے لئے نجی شعبہ کے ہسپتال اہم کردار ادا کر سکتے ہیں تاہم ان ہسپتالوں کو صحت وصفائی اور دیگر امیں او پیز کا خیال رکھنا ہوگا، حکومت کی خواہش ہے کہ نجی ہسپتالوں کو صحیح طور پر ریگولیٹ کیا جائے تاکہ ان ہسپتالوں کی کارکردگی میں بہتری آسکے، انہوں نے کہا کہ نجی ہسپتالوں کی بڑی تعداد اندرون شہر میں ہے جس سے پارکنگ سمیت دیگر مسائل کا سامنا ہے، انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت کوئٹہ شہر کی تعمیر و ترقی اور اس کی وسعت کے منصوبوں پر کام کر رہی ہے، کوئٹہ بیچ کے تحت شہر کے روڈ نیٹ ورک کو وسیع کیا جا رہا ہے جس سے شہر کے گرد و نواح کے علاقوں میں ترقیاتی اور تجارتی سرگرمیوں میں اضافہ ہوگا اور اندرون شہر ٹریفک اور آبادی کے دباؤ میں کمی آئے گی، وزیر اعلیٰ نے وفد کو تجویز پیش کی کہ نئی تعمیر ہونے والی سریاب روڈ، ریڈیو اسٹیشن لنک روڈ، نواں کلی روڈ اور دیگر سڑکوں پر نجی ہسپتال قائم کئے جائیں، ہسپتالوں کے قیام کے لئے اراضی کی فراہمی کے حوالے سے حکومت تعاون کرے گی، وفد نے وزیر اعلیٰ کی تجویز اور تعاون کو سراہتے ہوئے کہا کہ نجی ہسپتال اس ضمن میں حکمت عملی وضع کریں گی۔

شمال بقیہ 3

بھی درہم ہوگیا، کے الیکٹرک کے متعدد فیڈرز ٹرپ گئے جس سے شہر کا بڑا حصہ بجلی سے محروم رہا، سیلابی صورتحال کے باعث ایم اے جناح روڈ پر سیکیورٹی کے لیے رکھے گئے کنٹینرز بھی پانی میں تیرنے لگے، شہر میں تمام انڈر پاسز میں پانی بھر گیا۔ جمعرات کی صبح کراچی کے مختلف علاقوں میں ایک بار پھر موسلا دھار بارش کا سلسلہ شروع ہوا اور مون سون کے تازہ ترین اسپیل نے شہر کو ایک بار پھر جل تھل کر دیا ہے۔ ملیر، قائد آباد، نیشنل پانی دے، شارع فیصل، لیاری، آئی آئی چندریگر روڈ، صدر، اولڈ سٹی ایریا، قیوم آباد، کورنگی، نارتھ کراچی، راشد منہاس روڈ، یونیورسٹی روڈ، حسن اسکوائر، فنائش، گرومندر، لانڈھی، گلشن حدید، ملیر اور ناظم آباد سمیت مختلف علاقوں میں صبح سے ہی تیز بارش کا سلسلہ وقفے وقفے سے جاری رہا۔ اس کے علاوہ ناظم آباد میں صبح سے اب تک 6.105 ملی میٹر، نارتھ ناظم آباد 4.102، پی اے ایف مسرور بیس 5.98، کیماڑی 5.82، نارتھ کراچی 2.80، جناح ٹرمینل 2.80، یونیورسٹی روڈ موسمیات 3.74، سرجانی ٹاؤن 73، سعدی ٹاؤن 72، یونیورسٹی روڈ 4.67 اور گلشن حدید میں 30 ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی۔ محکمہ موسمیات کے مطابق ضلع وسطی میں صبح 8 سے 11 بجے کے درمیان ضلع 2.3 ملی میٹر بارش ہوئی جس کے بعد صرف 2 گھنٹے میں 102 ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی جس سے صبح 11 سے دوپہر 2 بجے تک ضلع وسطی میں 6.105 ملی میٹر بارش ہوچکی ہے۔ ادھر سندھ رینجرز نے شہریوں پر زور دیا کہ وہ مدد کیلئے 1101 ہیلپ لائن یا 0347-9001111 پر بذریعہ واٹس ایپ رابطہ کریں۔ سندھ رینجرز کی جانب سے ریلیف اور ریسکیو آپریشن جاری رہا، اس کے علاوہ رینجرز متاثرہ علاقوں میں خوراک کی فراہمی کے لیے این جی اوز کے ساتھ تعاون کر رہی ہے۔ رینجرز ترجمان کے بیان کے مطابق ریسکیو آپریشن کو جلد مکمل کرنے کے لیے ٹیم بنا دی گئی ہیں۔ ادھر پاک بحریہ کی جانب سے بھی کراچی میں بارش کے دوران مختلف علاقوں میں امدادی کارروائیاں جاری رہیں۔ ترجمان پاک بحریہ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق پاک بحریہ ایمرجنسی رسپانس اور ریسکیو ٹیموں نے بارش کے پانی میں پھنسے ہوئے لوگوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا اور سیلاب میں بہہ جانے والی متاثرہ کے ورثا کے حوالے کیں۔ بیان کے مطابق سول انتظامیہ کی مدد کے لیے پاک بحریہ نے متاثرہ علاقوں میں ایمرجنسی رسپانس ٹیمیں تعینات کیں جو کہ کشتیوں اور دیگر مطلوبہ زندگی بچانے کے سازوسامان سے لیس تھیں۔ سرچ اور ریسکیو آپریشن کے دوران پاک بحریہ نے شاہ فیصل ٹاؤن اور کورنگی کراسنگ کے علاقوں سے دو افراد کی لاشیں برآمد کیں جبکہ ملیر اور کورنگی کراسنگ کے سیلاب زدہ علاقوں سے 55 افراد کو نکالا۔ علاوہ ازیں پاک بحریہ کی ریسکیو ٹیموں نے سموگوٹھ میں پھنسے ہوئے 20 خاندانوں کو بھی محفوظ مقام پر منتقل کر دیا ہے۔ ترجمان کے مطابق پاک بحریہ کے سی کنگ ہیلی کاپٹر نے کورنگی کراسنگ، قائد آباد (ملیر ندی) اور گوٹھ شیخ محمد میں ریسکیو آپریشن میں معاونت کی جبکہ صدر ٹاؤن میں مشکل سے دو چار افراد کی نشاندہی اور امدادی سرگرمیاں انجام دینے کے لیے کواڈ کاپٹر کی مدد سے جائزہ لیا، مزید برآں مختلف علاقوں میں راشن بیکرز اور پکا ہوا کھانا بھی پہنچایا گیا۔۔

شمال بقیہ 4

جو مسائل جلد حل ہو جائینگے، نواز شریف کی واپسی سے متعلق معاملہ وزارت خارجہ کا دائرہ اختیار میں نہیں آتا۔ جمعرات کو ترجمان دفتر خارجہ نے ہفتہ وار بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ بھارتی فوج نے مقبوضہ کشمیر میں گزشتہ ہفتے میں مذید چار کشمیریوں کو شہید کیا ہے، عالمی برادری مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا نوٹس لے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر خارجہ نے 21 اور 22 اگست کو چین کا کامیاب دورہ کیا، دونوں ملکوں نے مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا، پاکستان اور چین نے کرونا وائرس کے خلاف ویکسین کی تیاری میں تعاون بڑھانے پر بھی اتفاق کیا۔ انہوں نے کہا کہ چین مقبوضہ کشمیر کے اقوام متحدہ قراردادوں کے مطابق حل کی حمایت کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 25 اگست کو ملا عبدالغنی برادر کی قیادت میں طالبان سیاسی وفد نے پاکستان کا دورہ کیا انہوں نے کہا کہ وزیر خارجہ نے اپنی ملاقات میں افغانستان کے سیاسی پرامن حل کے عزم کو دہرایا، گذشتہ روز وزیر اعظم نے عبداللہ عبداللہ سے ٹیلیفونک رابطہ کیا، گفتگو میں افغانستان کے غیر فوجی اور سیاسی حل کے حوالے سے اتفاق کیا گیا۔ ت رجمان نے کہا کہ پاکستان پلوامہ حملے کے حوالے سے بھارتی چارج شیٹ کو مسترد کرتا ہے۔ ترجمان نے کہا کہ بھارت پلوامہ حملے میں پاکستان کے ملوث ہونے کے حوالے سے کوئی ثبوت فراہم نہیں کر سکا۔ انہوں نے کہا کہ بھارت اس معاملے کو سیاسی مقاصد کیلئے استعمال کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان مخالف کارڈ ابھی پی اپنے انتخابات کیلئے استعمال کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان سعودی عرب میں حوثی ملیشیاء کے ڈرون حملے کی مذمت کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نو اگست کو پاکستانی ہندو خاندان کے بھارت کے جودھ پور شہر میں موت کی خبر آئی، پاکستانی ہائی کمیشن اس حوالے سے فوراً متحرک ہوا اور بھارت سے تحقیقات کر کے معلومات فراہم کرنے کا کہا ہے۔ ایک سوال پر انہوں نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر کے حوالے سے پاکستان کا موقف واضح اور مستقل ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کشمیریوں

صوبائی وزراء میر سلیم احمد کھوسہ، میر عمر جمالی سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو قمر مسعود ملاقات کر رہے ہیں

موجودہ پی ٹی آئی حکومت عوام کو ریلیف دینے میں مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہیں، محمد رمضان ہیر

آئے روز تمام اشیاء کے قیمتوں میں اضافہ کر کے غریب عوام کو فاقہ کشی پر مجبور کر دیا ہے

اوستہ محمد (این این آئی) مستری مزدور یونین اوستہ محمد کے چیئرمین محمد رمضان ہیر نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ موجودہ پی ٹی آئی حکومت عوام کو ریلیف دینے میں مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہیں آئے روز تمام اشیاء کے قیمتوں میں اضافہ کر کے غریب عوام کو فاقہ کشی پر مجبور کر دیا ہے مہنگائی سے مزدور طبقہ سخت پریشان ہیں اور حکومت نے عوام کو روزگار دینے کے بجائے عوام کو مہنگائی کا تحفہ دیا ہے دیگر ان کے تفصیل نمبر 36 صفحہ 3 پر

منصوبوں میں ناقص میٹریل کے استعمال کی سختی کے ساتھ ممانعت ہے، فیاض علی

لورالائی (این این آئی) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) فیاض علی نے کہا ہے کہ ترقیاتی منصوبے کسی بھی علاقے کی ترقی و خوشحالی میں بنیادی کردار کے حامل ہوتے ہیں ضلع میں ترقیاتی منصوبوں کی رفتار اور معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرونگا یہ عوام تفصیل نمبر 37 صفحہ 3 پر

ختم نبوت ایمان کا حصہ، دفاع کیلئے ہم جانیں نچھاور کرنے کو تیار ہیں، مفتی فضل غفور

علماء کرام اپنی صفوں میں مضبوطی لائیں توہین رسالت کے مرتکب افراد کو حکومت سزائیں دے، رہنماء پی ٹی آئی خیبر پختونخوا

بونیر (این این آئی) علماء اسلام ف کے صوبائی نائب امیر و سابق رکن صوبائی اسمبلی مفتی فضل غفور نے کہا کہ ختم نبوت ہمارے ایمان کا حصہ ہے اور اس کی دفاع کیلئے ہم جانیں نچھاور کرنے کو تیار ہیں۔ علماء کرام اپنی صفوں میں مضبوطی لائیں۔ توہین رسالت کے مرتکب افراد کو حکومت سزائیں دے تاکہ آئندہ کوئی اس طرح سوچ تک نہ کر سکیں۔ لا الہ الا اللہ کے نام پر بننے والے ملک میں آج بھی اسلامی نظام کے نفاذ کا فقدان ہے۔ حکومت کی بے حسی اور یورپ کی خوشنودی کی خاطر قادیانیوں کو یہاں پر راہ ہموار کیا جا رہا ہے۔ مگر جب تک علماء کرام اور فضل الرحمن کے جان نثار زندہ ہونگے، نہ قادیانیوں کو راہ ہموار ہوگا اور نہ ہم ختم نبوت پر سودا بازی کرنے کو تیار ہیں۔ ختم نبوت ہمارے ایمان کا حصہ ہے۔

صوبائی بیوروکریسی میں تقرریاں و تبادلے احمد رضا خان سیکرٹری بلدیات تعینات

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی بیوروکریسی میں تقرریاں و تبادلے احمد رضا خان سیکرٹری بلدیات تعینات، چیف سیکرٹری بلوچستان کے جاری کردہ ایک اعلامیے کے مطابق وزیر اعلیٰ اسٹیفن لیم کے عارضی رکن احمد رضا خان کو سیکرٹری بلدیات تعینات کر دیا گیا جبکہ انکے پیش رو صالح محمد ناصر کو محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی رپورٹ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

حکومت کی پالیسیوں سے معیشت تباہ ہو چکی ہے، سراج الحق

حکومت اور اپوزیشن آئی ایم ایف کے مفادات کی تکمیل کے لیے ایک ہی ایجنڈے پر ہیں

سابقہ حکمران پارٹیاں عوام کے ساتھ نہیں بلکہ ظالمانہ اقدامات میں حکومت کی دست راست بن گئی ہیں، امیر جماعت اسلامی

کمشنر مایہ سلیم قریشی کو اپنی کمشنر ظفر آباد عبدالرزاق نیک ضلعی انتظامیہ کی جانب سے کئے جانے والے اقدامات کے متعلق آگاہی دے رہے ہیں

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی سینیٹر سراج الحق نے کہا ہے کہ حکومت اور اپوزیشن آئی ایم ایف اور ورلڈ بنک کے مفادات کی تکمیل کے لیے ایک ہی ایجنڈے پر ہیں، سابقہ حکمران پارٹیاں عوام کے ساتھ نہیں بلکہ ظالمانہ اقدامات میں حکومت کی دست راست بن گئی ہیں، وزیر اعظم کو وعدوں کی خلاف ورزی اور عوام کو بے وقوف بنانے پر قومی ایوارڈ ملنا چاہیے، حکومت نے عوام کے مفاد کے لیے کوئی قانون سازی نہیں کی اور ایف اے ٹی ایف کے لیے ایک درجن بل پاس کروائے ہیں، وکلاء نے جمہوریت اور انسانی حقوق کے تحفظ کے لیے بڑا اہم کردار ادا کیا ہے، ملک میں قانون کی حکمرانی اور آئین تفصیل نمبر 30 صفحہ 3 پر

امید ہے سکولز پندرہ ستمبر کو کھول دیئے جائینگے، صدر پرائیویٹ سکولز زعفران الٰہی

بچوں کی زندگیاں محفوظ بنانے کیلئے حکومتی اقدامات کے ساتھ کھڑے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) صدر پرائیویٹ سکولز ایسوسی ایشن نے کہا ہے کہ امید ہے سکولز پندرہ ستمبر کو کھول دیے جائینگے۔ اپنے بیان میں صدر پرائیویٹ سکولز زعفران الٰہی نے کہا کہ این سی او سی مشاورت کے بعد امید ہے سات ستمبر کو سکولز کھولنے کا اعلان کر دیگی۔ زعفران الٰہی نے کہا کہ بچوں کی زندگیاں محفوظ بنانے کیلئے حکومتی اقدامات کے ساتھ کھڑے ہیں۔ زعفران الٰہی نے کہا کہ تعلیم ضروری لیکن بچوں کی زندگیاں محفوظ بنانا بنیادی ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ اب حالات سازگار ہیں۔

سرکاری آٹے کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا، آفتاب عمر

محکمہ خوراک کے افسران کا مختلف ٹھوکروں کے دورے، سرکاری آٹے کی ترسیل بلا تعطل جاری رکھنے کی ہدایت

پشاور (این این آئی) محکمہ خوراک خیبر پختونخوا کے اعلیٰ حکام نے کہا ہے کہ سرکاری آٹے کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا جبکہ گراں فروشی کے مرتکب آٹا ڈیلروں کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائیگا۔ محکمہ خوراک کے افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے اعلیٰ حکام نے کہا کہ محکمہ خوراک کے افسران روزانہ کی بنیاد پر ٹھوکروں کے دورے کریں اور سرکاری آٹے کی ترسیل کو یقینی بنائیں۔

سابق بھارتی انتہلیٹ نے ماں اور بیوی کا بیدردی سے قتل کر دیا

نیویارک (این این آئی) بھارت کے سابق انتہلیٹ اقبال سنگھ نے امریکا میں اپنی بوڑھی ماں اور بیوی کا بیدردی سے قتل کر دیا۔ بھارتی انتہلیٹ اقبال سنگھ نے امریکا میں اپنی بوڑھی ماں اور بیوی کا بیدردی سے قتل کر دیا، پولیس نے انھیں گرفتار کر لیا ہے۔ انھوں نے 1983 کی تفصیل نمبر 50 صفحہ 3 پر

15 ستمبر سے تمام سرکاری اور نجی سکولز کھولنے کا فیصلہ

اداروں کی بندش کے باعث صوبہ میں امن و امان کا مسئلہ پیدا ہو رہا ہے

پشاور (این این آئی) ملک میں کورونا کے باعث بند تعلیمی ادارے کھولنے کے حوالے سے نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سنٹر کے ویڈیو لنک اجلاس میں وفاقی وزیر تعلیم شفقت محمود، مشیر صحت ڈاکٹر فیصل اور چاروں صوبوں بشمول آزاد کشمیر، گلگت بلتستان کے صوبائی وزرائے تعلیم، چیف سیکرٹریز، سیکرٹری ایجوکیشن اور سیکرٹری صحت نے شرکت کی اجلاس میں پرائیویٹ ایجوکیشن نیٹ ورک کے صوبائی صدر محمد سلیم خان اور جائنٹ سیکرٹری شوکت محمود نے نمائندگی کی خیبر پختونخوا کی جانب سے چیف سیکرٹری تفصیل نمبر 51 صفحہ 3 پر

قومی ٹی ٹوئنٹی میں شمولیت خوابوں کی تعبیر ہے، حیدر علی

بین الاقوامی سطح پر پاکستان کی نمائندگی کا موقع ملنا ایک یکسر الگ تجربہ ہے

فرسٹ کلاس کرکٹ میں اپنے ڈیبیو پر سنچری مکمل نہ کر پانے کا دکھ انہیں ہمیشہ رہے گا، گفتگو

سائوتھمپٹن (این این آئی) انگلینڈ کے خلاف 3 ٹی ٹوئنٹی میچوں پر مشتمل سیریز کیلئے اعلان کردہ اسکواڈ میں 19 سالہ نوجوان بیٹسمین حیدر علی نے کہا ہے کہ قومی ٹی ٹوئنٹی میں شمولیت خوابوں کی تعبیر ہے، بین الاقوامی سطح پر پاکستان کی نمائندگی کا موقع ملنا ایک یکسر الگ تجربہ ہے۔ ایک انٹرویو میں نوجوان بیٹسمین حیدر علی نے کہا کہ قومی ٹی ٹوئنٹی اسکواڈ میں شمولیت ان کے خوابوں کی تعبیر ہے، ہر نوجوان کرکٹر یہ دن دیکھنے کے لیے ہی اپنی کرکٹ کا آغاز کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ محدود طرز کی کرکٹ کا وسیع تجربہ رکھنے تفصیل نمبر 52 صفحہ 3 پر

وفاقی وزیر امین الحق کا کراچی کو آفت زدہ قرار دینے کا مطالبہ

کراچی کے عوام اور تاجر تباہی کے دہانے پر ہیں، شہر کو آفت زدہ قرار دینا ناگزیر ہے

ڈوبتے کراچی کے معاملے پر وزیر اعظم سے بھی بات کی جائے گی، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر سید امین الحق نے کراچی کو آفت زدہ قرار دینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ کراچی کے عوام اور تاجر تباہی کے دہانے پر ہیں، شہر کو آفت زدہ قرار دینا ناگزیر ہے، بنیادوں پر سڑکوں اور گلیوں سے پانی کی فوری نکاسی اور چوکنگ پوائنٹس کو کلیئر کیا جائے، ڈوبتے کراچی کے معاملے پر وزیر اعظم سے بھی بات کی جائے گی۔ جمعرات کو کراچی میں تفصیل نمبر 32 صفحہ 3 پر

خاران بی اے پی کے ڈویژنل آرگنائزر روشن میر اعجاز خان سنجرانی پارٹی عہدیداروں سے حلف لے رہے ہیں

نیر حسین بخاری نے کاسیدہ قائم علی شاہ سے بیٹے کے انتقال پر اظہار تعزیت

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے سیکرٹری جنرل سید نیر حسین بخاری نے سندھ کے سابق وزیر اعلیٰ سید قائم علی شاہ سے بیٹے کے انتقال پر اظہار تعزیت کیا۔ جمعرات کو سید نیر حسین بخاری نے سید قائم علی شاہ کو فون کر کے انکے بیٹے سید منظر شاہ کے انتقال پر اظہار ہمدردی تفصیل نمبر 57 صفحہ 3 پر

سینئر رہنما اور سابق ایم پی اے عبدالماجد خان کے فرزند کی وفات پر اے این پی کا اظہار تعزیت

پشاور (این این آئی) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اسمٰعیل ولی خان اور صوبائی جنرل سیکرٹری سردار حسین بابک نے اے این پی صوابی کے سینئر رہنما اور سابق رکن صوبائی اسمبلی عبدالماجد خان کے فرزند شہاب ایڈووکیٹ کی حادثے میں تفصیل نمبر 59 صفحہ 3 پر

کوئٹہ میں ساتویں محرم الحرام کا جلوس روایتی راستوں سے ہوتا ہوا امام بارگاہ ناصر العزاء پر اختتام پذیر

جلوس کے موقع پر شہر میں سیکورٹی کے سخت انتظامات کوئٹہ شہر میں موبائل فون سروس صبح بند رہی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں ساتویں محرم الحرام کا جلوس روایتی راستوں سے ہوتا ہوا امام بارگاہ ناصر العزاء پر اختتام پذیر، جلوس کے موقع پر شہر میں سیکورٹی کے سخت انتظامات کوئٹہ شہر میں موبائل فون سروس صبح بند رہی۔ تفصیلات کے مطابق جمعرات کو کوئٹہ میں ساتویں محرم کی مناسبت سے علم اور تعزیوں کا جلوس پرنس روڈ پر امام بارگاہ کلاں ہزارہ سے بلوچستان شیعہ کانفرنس کے صدر سید داؤد آغا کی قیادت میں برآمد ہوا اس موقع پر ایڈیشنل آئی جی پولیس کوئٹہ عبدالرزاق چیمہ، اسسٹنٹ کمشنر کوئٹہ سٹی ندا تفصیل نمبر 34 صفحہ 3 پر

اعجاز سنجرانی، لاپتہ افراد کی بازیابی اولین ترجیح ہے، میر اعجاز خان سنجرانی

صوبے میں مثالی امن و امان بحال رکھنے کے ساتھ تعلیم اور صحت اور باقی شعبوں کو مکمل فعال بنایا ہے

خاران (این این آئی) آنے والا دور باپ کا ہوگا کریم نوشیروانی، بلوچستان ترقی کی راہ پر گامزن ہے، اعجاز سنجرانی، لاپتہ افراد کی بازیابی اولین ترجیح ہے، شعیب نوشیروانی، بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنماء ڈویژنل آرگنائزر روشن ڈویژن سابق مشیر میر اعجاز خان سنجرانی، بلوچستان عوامی پارٹی کے صوبائی سینئر نائب صدر سابق وزیر میر عبدالکریم نوشیروانی، سابق وزیر داخلہ بلوچستان تفصیل نمبر 35 صفحہ 3 پر

صحبت پور اور گردونواح میں دودن سے جاری بارشوں نے تباہی مچادی

حیدرین ڈرینج، آعظم خان ڈرینج، جھنڈ ڈرینج میں پانی کی سطح میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے

صحبت پور (این این آئی) صحبت پور اور گردونواح میں دودن سے جاری بارشوں نے تباہی مچادی ہے۔ جس کے باعث صحبت پور، ماٹھی پور، فرید آباد، حیدرین، سعید آباد سمیت مختلف علاقوں میں سیلابی صورتحال پیدا کر دی ہے۔ مسلسل بارش سے ندی، نالوں میں طغیانی آگئی ہے۔ جس سے حیدرین ڈرینج، آعظم خان ڈرینج، جھنڈ ڈرینج میں پانی کی سطح میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ اور پانی کے تیز بہاؤ کی وجہ سے ان سم نالوں میں کٹاؤ کی وجہ سے پشتیں تفصیل نمبر 38 صفحہ 3 پر

خاران میں حالیہ طوفانی بارشوں اور سیلاب سے کئی علاقے شدید متاثر ہوئے ہیں

خاران (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے سینئر نائب صدر سابق وزیر داخلہ بلوچستان میر شعیب نوشیروانی نے خاران میں سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا نقصانات کا جائزہ لیا متاثرین کے لئے اپنی طرف سے 5 لاکھ امداد کا اعلان کیا اس موقع پر بی اے پی کے رہنماؤں تفصیل نمبر 39 صفحہ 3 پر

تھانہ نوشہرہ کلاں پولیس کی ڈکیتی ملزمان کیخلاف کاروائی

3 رکنی گروہ گرفتار، متعدد وارداتوں کا اعتراف

نوشہرہ (این این آئی) تھانہ نوشہرہ کلاں پولیس کی ٹیکی ٹنک ڈکیتی ملزمان کیخلاف کامیاب کاروائی۔ نوشہرہ اور کشمیر پولیس کی مشترکہ چھاپہ کشمیر میں 03 رکنی گروہ گرفتار۔ متعدد وارداتوں کا اعتراف۔ ملزمان میں سے 02 قتل کے جرم میں اشتہاری تھے۔ تفصیلات کے تفصیل نمبر 42 صفحہ 3 پر

عوامی مفاد کو ہر صورت میں ترجیح دینگے اور ان کی شکایات کا ازالہ کیا جائیگا، فضل حکیم خان

انسانی جانوں سے نہ تو کسی کو کھیلنے دیں گے اور نہ ہی کسی کو غیر قانونی کام کی اجازت دی جائے گی

پشاور (این این آئی) ضلعی ترقیاتی مشاورتی کمیٹی سوات کے چیئرمین فضل حکیم خان نے کہا ہے کہ انسانی جانوں سے نہ تو کسی کو کھیلنے دیں گے اور نہ ہی کسی کو غیر قانونی کام کی اجازت دی جائے گی۔ جبکہ عوامی مفاد کو ہر صورت میں ترجیح دیتے ہوئے عوام کی شکایات کا ازالہ کیا جائیگا۔ ان تفصیل نمبر 43 صفحہ 3 پر

کوئٹہ تحریک نفاذ فقہ جعفریہ بلوچستان کے صدر نجف مہدی عسکری ساتویں محرم الحرام کے جلوس کے موقع پر صحافیوں سے بات چیت کر رہے ہیں

خیبر پختونخوا جمناسٹک ایسوسی ایشن کا پشاور میں صوبائی لیول کا ٹریننگ لگانے کا فیصلہ

ٹریننگ کیمپ کے اختتام پر آل خیبر پختونخوا جمناسٹک ٹورنامنٹ منعقد ہوگا، جس میں مختلف اضلاع کے کھلاڑی حصہ لینگے، راجہ محمد

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا جمناسٹک ایسوسی ایشن کے سیکرٹری جنرل راجہ محمد نے کہا ہے کہ کورونا وبا کے باعث کئی ماہ کھلاڑیوں کی ٹریننگ اور فٹنس متاثر ہوئی، اس صورتحال میں صوبائی ایسوسی ایشن نے جمناسٹک کھلاڑیوں کے اعتماد کو بڑھانے کیلئے پشاور میں صوبائی لیول کا ٹریننگ لگانے کا فیصلہ کیا اور ٹریننگ کیمپ کے اختتام پر آل خیبر پختونخوا جمناسٹک ٹورنامنٹ منعقد ہوگا جس میں مختلف اضلاع کے کھلاڑی حصہ لینگے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں جمناسٹک مقبول ہونے لگا ہے اور زیادہ تفصیل نمبر 44 صفحہ 3 پر

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی کی طالبہ کو ہراساں کرنے کا الزام ثابت ہو گیا

فیکٹ فائنڈنگ کمیٹی نے ہراسگی میں ملوث ٹیچر کو نوکری سے نکالنے کی سفارش کر دی

لاہور (این این آئی) گورنمنٹ کالج یونیورسٹی کی طالبہ کو ہراساں کرنے کا الزام ثابت ہو گیا، فیکٹ فائنڈنگ کمیٹی نے ہراسگی میں ملوث ٹیچر کو نوکری سے نکالنے کی سفارش کر دی۔ گورنمنٹ کالج یونیورسٹی کی طالبہ کو ہراساں کرنے میں ملوث استاد پر الزام ثابت ہو گیا ہے۔ وائس چانسلر ڈاکٹر اصغر زیدی کی ہدایت پر فیکٹ فائنڈنگ کمیٹی تشکیل دی گئی تھی۔ فیکٹ فائنڈنگ کمیٹی نے ٹیچر اور متاثرہ تفصیل نمبر 47 صفحہ 3 پر

یوم شہداء صحافت کی مناسبت سے آج پی یو جے کے زیر اہتمام مظاہرہ اور شمعیں روشن کی جائیں گی

کوئٹہ (این این آئی) یوم شہداء صحافت کی مناسبت سے آج پی یو جے کے زیر اہتمام مظاہرہ اور شمعیں روشن کی جائیں گی، تفصیلات کے مطابق یوم شہداء صحافت کی مناسبت سے آج جمعہ کو سہ پہر چار بجے کوئٹہ پریس کلب کے تفصیل نمبر 46 صفحہ 3 پر

مندرہ پولیس نے اغواء ہونے والے حمزہ علی کے مقدمہ میں ملوث ملزم گرفتار کر لیا

راولپنڈی (این این آئی) مندرہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ایک ماہ قبل اغواء ہونے والے حمزہ علی کے مقدمہ میں ملوث ملزم گرفتار کر لیا۔ ترجمان پولیس کے مطابق مندرہ پولیس نے اغواء کے مقدمہ میں ملوث ملزم کو جدید سائنسٹیفک طریقہ سے ٹریس آؤٹ کیا، ملزم کے دوران تفتیش ہولناک انکشافات ہوئے۔

چکوال، سات محرم کا حساس ترین جلوس مرکزی امام بارگاہ سرپاک سے برآمد ہوا

چکوال (این این آئی) سات محرم کا حساس ترین جلوس مرکزی امام بارگاہ سرپاک سے برآمد ہوا۔ چوہدری محمد علی خان، چوہدری ناصر علی خان اور سید بہادر شاہ نے جلوس برآمد کرایا۔ شیخ ذوالجناح سید نیاز حسین شاہ مرحوم کے گھر سے برآمدگی ہوئی۔ شرکاء جلوس نے ہاتھوں میں شیخ علم حضرت عباس اٹھا رکھے تھے۔ عزاداروں نوحہ خوانی اور ماتم داری کرتے ہوئے داراکاں، محلہ قصاباں، پرانی سبزی منڈی، صرافہ بازار سے ہوتے ہوئے چھپڑ بازار پہنچے۔

ملک میں عوام زندہ رہنے کا حق حکومت چھین رہی ہے، سردار یعقوب خان ناصر

نیب الزام لگا کر کسی بھی شخص کو گرفتار کرتی ہے، تحقیقات بعد میں کرتی ہے جو قانون کی خلاف ورزی ہے

حکومت میں آکر ادارے کو ٹھیک کرینگے، اسے کسی کے خلاف استعمال کرنے کی اجازت نہیں دینگے، رہنماء (ن) لیگ بلوچستان

گوادر انٹرنیشنل پارلیمنٹرین یونین کی صدر گیبریلا کوکس بیرن گوادر پورٹ آپریشنل ہونے کے بعد دورہ کر رہی ہیں

لورالائی (این این آئی) مسلم لیگ ن کے مرکزی سینئر نائب صدر سینیٹ کے سینڈنگ کمیٹی بین الصوبائی رابطہ کے چیئرمین سینیٹر سردار محمد یعقوب خان ناصر نے کہا ہے کہ ملک موجودہ حکومت کی انتقامی پالیسیوں کے نتیجے میں آنارکی اور انتشار کے طرف جا رہا ہے نیب کو ملک میں حقیقی طور پر کرپٹ عناصر کے خلاف اور لوٹی گئی دولت کی واپسی کیلئے بنایا گیا تھا لیکن اب اس ادارے کو ملک میں حقیقی سیاستدانوں کو بلیک میل بدنام اور عزت دار لوگوں کی پگڑیاں اچھالنے کیلئے استعمال کیا جا رہا ہے انہوں نے کہا کہ پہلے نیب الزام لگا کر کسی بھی شخص کو گرفتار کرتی ہے اور تحقیقات بعد میں کرتی ہے جو قانون کی خلاف ورزی ہے ہم حکومت میں آکر اس ادارے کو ٹھیک کرینگے اور اسے کسی کے خلاف استعمال کرنے کی اجازت نہیں دینگے انہوں نے کہا کہ عوام سب سے زیادہ پریشان اور تفصیل نمبر 29 صفحہ 3 پر

منشیات فروشوں کی سرکوبی کے لئے تمام تر وسائل بروئے کار لائیں جائیں گے، فیصل خان یوسفزئی

کوئی قانون سے بالاتر تصور نہیں کیا جا سکتا اور نہ ہی کسی کو قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں دی جائے گی

تحصیل سے منشیات فروشوں کا قلع قمع کر کے ہی دم لیں گے، اسسٹنٹ کمشنر حرمزئی

چشمہ (آن لائن) اسسٹنٹ کمشنر حرمزئی فیصل خان یوسفزئی نے کہا ہے کہ منشیات فروشوں کی سرکوبی کے لئے تمام تر وسائل بروئے کار لائیں جائیں گے کوئی قانون سے بالاتر تصور نہیں کیا جا سکتا اور نہ ہی کسی کو قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں دی جائے گی تحصیل سے منشیات فروشوں کا قلع قمع کر کے ہی دم لیں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے تحصیل حرمزئی میں منشیات فروشوں کے خلاف کاروائی کرنے کے موقع پر علاقہ مکینوں سے چیٹ کرتے ہوئے کیا کاروائی ڈپٹی کمشنر قائم لاشاری کے تفصیل نمبر 41 صفحہ 3 پر

صحافی معاشرے کے آنکھ اور کان ہیں، کمشنر ہرنائی سہیل انور ہاشمی

ہرنائی (آن لائن) کمشنر ہرنائی سہیل انور ہاشمی نے کہا کہ صحافی معاشرے کے آنکھ اور کان ہیں ضلعی انتظامیہ ان کی مدد سے ضلع بھر کے دور دراز علاقوں کی اصل صورت حال سے آگاہ رہتی ہے ان خیالات کا اظہار نے پریس کلب تفصیل نمبر 40 صفحہ 3 پر

بلوچستان دنیا کے نقشے میں ایک مخصوص اہمیت و حیثیت حاصل ہے، بلال اکاکڑ

زندہ قومیں قدرتی آفات اور مشکلات سے نمٹنے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں

جام کمال خان کی قیادت میں بارش اور سیلابی صورتحال سے مثبت انداز میں نمٹ رہی ہے، کوآرڈینیٹر وزیر اعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی کوآرڈینیٹر بلال خان اکاکڑ نے کہا ہے کہ زندہ قومیں قدرتی آفات اور مشکلات سے نمٹنے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں صوبائی حکومت وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی قیادت میں بارش اور سیلابی صورتحال سے مثبت انداز میں نمٹ رہی ہے، بلال خان اکاکڑ نے کہا ہے کہ مون سون بارشوں اور سیلاب کی وجہ سے بلوچستان بھر میں رابطہ سڑکوں، پلوں، شعبہ زراعت اور سیلاب کے زد میں تفصیل نمبر 31 صفحہ 3 پر

حالیہ بارشوں سے حب ڈیم مکمل بھر گیا ہے اسپل وے سے پانی کا اخراج شروع ہو گیا ہے

حب ڈیم 13 سال بعد مکمل بھر گیا، اسپل ویز سے پانی کے اخراج کا امکان

ہنگامی صورتحال میں حب ڈیم کے نیچے کی آبادیوں سے دلیل نظامیہ کی جانب سے انخلا کرایا جا رہا ہے، ذرائع

کراچی (این این آئی) کراچی کو پینے کا اضافی پانی اور بلوچستان کے کئی علاقوں کی آبی ضروریات پوری کرنے والے حب ڈیم میں سطح آب 13 سال بعد ساڑھے 338 فٹ کا نشان عبور کر گئی ہے، آج کسی بھی وقت ڈیم کے اسپل ویز سے اضافی پانی کا اخراج شروع ہو سکتا ہے۔ واپڈا ذرائع کے مطابق سندھ اور بلوچستان کے پہاڑی سلسلے تک پھیلے حب ڈیم کے کیچمنٹ ایریا میں حالیہ بارشوں کے بعد 3 روز کے دوران حب ڈیم میں 8 فٹ سے زائد کی سطح پانی آ چکا ہے اور گذشتہ ایک رات کے دوران حب ڈیم میں پانی کی سطح 2 فٹ بلند ہوئی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ کیچمنٹ ایریا سے بارشوں کے پانی کے مزید ریلے حب ڈیم پہنچ رہے ہیں۔

بھارت کشمیریوں کو انکا حق خود ارادیت دے، حریت کانفرنس

کمیٹی ٹو پریکٹیٹ جرنلسٹس کی طرف سے بھارت کے زیر تسلط جموں و کشمیر کے صحافی کی رہائی کا مطالبہ

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں و کشمیر میں کل جماعتی حریت کانفرنس نے بھارت پر زور دیا ہے کہ وہ جموں و کشمیر کے عوام کو ان کا ناقابل تنسیخ حق حق خود ارادیت دے تاکہ وہ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متفقہ قراردادوں کے مطابق اپنے سیاسی مستقبل کا فیصلہ کر سکیں۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق حریت کانفرنس کے ترجمان نے سرینگر سے جاری ایک بیان میں کہا ہے کہ بھارت کشمیر پر جبری قبضے، خونی جارحیت اور ریاستی دہشت گردی کے ذریعے کشمیریوں کی حق پر مبنی جاری جدوجہد آزادی کو کمزور نہیں کر سکتا۔ حریت کانفرنس نے مقبوضہ علاقے کی نام نہاد بزدلی سیاسی تفصیل نمبر 49 صفحہ 3 پر

پنجاب پولیس کے افسران کیخلاف سرکاری فنڈز کی خرد برد کی تحقیقات میں اہم پیشرفت

لاہور (این این آئی) پنجاب پولیس کے افسران کے خلاف سرکاری فنڈز کی خرد برد کی تحقیقات میں اہم پیشرفت ہوئی ہے، پولیس فنڈز خورد برد کیس میں اکاؤنٹنٹ رضوان اشرف وعدہ معاف گواہ بن گئے۔ جی ٹی وی کے مطابق رضوان اشرف نے الزام لگایا کہ پولیس افسر رائے اعجاز 12 لاکھ پٹرول کی مد میں بطور رشوت ماہانہ وصول کرتے رہے، پٹرول کی مد میں ماہانہ 12 لاکھ روپے ایم ٹی او اختر شاہ کے ساتھ مل کر قومی خزانے سے نکالتے رہے۔

اسلامک مضار پہ سکینڈل، نیب نے مانسہرہ کے رہائشی محمود الحسن کو گرفتار کر لیا

پشاور (این این آئی) قومی احتساب بیورو خیبر پختونخوا نے مبینہ طور پر اسلامک مضار پہ سکینڈل کی آڑ میں سادہ لوح عوام کے لاکھوں روپے نہیں کرنے والے تحصیل بالاکوٹ ضلع مانسہرہ کے رہائشی محمود الحسن ولد محمد حسن خان کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق ملزم محمود الحسن نے الاحسان ملٹیپل بزنس اینڈ انوسٹمنٹ بیورو مانسہرہ تفصیل نمبر 45 صفحہ 3 پر

ہنگامی اور سیلابی صورتحال کے باعث شہر کے مختلف علاقوں میں ایمرجنسی شٹ ڈاؤن کیے جا رہے ہیں، ترجمان کے الیکٹرک

کراچی (این این آئی) ترجمان کے الیکٹرک نے کہا ہے کہ ہنگامی اور سیلابی صورتحال کے باعث شہر کے مختلف علاقوں میں ایمرجنسی شٹ ڈاؤن کیے جا رہے ہیں۔ اپنے بیان میں ترجمان نے کہا کہ شدید بارش اور سیلابی حالات میں بجلی کی تفصیل نمبر 48 صفحہ 3 پر

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ میجر (ر) اورنگزیب بادینی محرم الحرام کے مرکزی جلوس کے سیکورٹی اور دیگر انتظامات کے حوالے سے میڈیا کو بریفنگ دے رہے ہیں

عوام کو سبسڈائز اور معیاری آٹے کی فراہمی اولین ترجیح ہے، تقندر لودھی

پشاور (این این آئی) وزیر خوراک خیبر پختونخوا الحاج تقندر خان لودھی نے کہا ہے کہ عوام کو سبسڈائز اور معیاری آٹے کی فراہمی اولین ترجیح ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں تفصیل نمبر 54 صفحہ 3 پر

پائیدار بنیادی ڈھانچے میں تیز سرمایہ کاری ضروری ہے، منیر اکرم

ایس ڈی جیز کے حصول کے لئے جدید ترین ٹیکنالوجی کا مکمل استعمال کرنا ہوگا، خطاب

نیویارک (این این آئی) پاکستان کے مستقل مندوب منیر اکرم نے کہا ہے کہ آئی ایم ایف کے مطابق کووڈ 19 بحران کا سامنا کرنے، ایس ڈی جی کے اہداف کو حاصل کرنے کے لئے انہیں 2.5 ٹریلین ڈالر سے زیادہ کی ضرورت ہے۔ نیویارک میں اقوام متحدہ کی معاشی اور سماجی کونسل تفصیل نمبر 55 صفحہ 3 پر

پی اے ایف فیصل میں پرسب سے زیادہ 130 ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی، محکمہ موسمیات

محکمہ موسمیات کے مطابق اب تک پی اے ایف فیصل میں پرسب سے زیادہ 130 ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی

کراچی (این این آئی) محکمہ موسمیات نے شہر میں اب تک ہونے والی بارش کا ریکارڈ جاری کر دیا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق اب تک پی اے ایف فیصل میں پرسب سے زیادہ 130 ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی۔ اس کے علاوہ ناظم آباد میں صبح سے اب تک 105.6 ملی میٹر، نارتھ ناظم آباد 102.4، پی اے ایف مسرور میں 98.5، کیماڑی 82.5